| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ا | ح | حـ |
| حدسہ و | | | |
| دم | ب | حر | مر |
| ومر | | حدع ط | دلادلادم |
| یااللہ | | | اب طع |
| | | | اطع |
| یا محمد | | | صع طف ک |
| الرحیم | الرحمن | اللہ | بسم |
| یا محمد یا علی | یا | الرحمد | الرصمد |

# بے شمار ثواب کا حصول


منقول ہے کہ جو کوئی ذیل میں دیے ہوئے نقش پاک کو نماز فجر کے بعد دیکھے گا تو اس کو پچاس حج کا ثواب عطا ہوگا جو نماز ظہر کے بعد دیکھے گا تو اسے تین سو حج کا ثواب عطا ہوگا جو نماز عصر کے بعد دیکھے تو اس کو سات سو حج کا ثواب عطا ہوگا جو نماز مغرب کے بعد دیکھے گا تو اسے ایک ہزار حج کا ثواب عطا ہوگا اور جو عشاء کی نماز کے بعد دیکھے گا تو اسے ایک لاکھ حج کا ثواب ملے گا مگر چاہیے کہ یقین کامل اور مکمل توجہ و یکسوئی کے ساتھ دیکھے مفید اور بابرکت نقش پاک یہ ہے۔




Presented by www.ziaraat.com

# مفرور کی واپسی

اگر کسی کا بچہ گھر سے بھاگ گیا ہو اور واپس نہ آتا ہو تو یہ نقش لکھ کر چرخہ کے ساتھ باندھ دے اور سات یا گیارہ مرتبہ روزانہ اُلٹا گھمائے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ مفرور واپس آئے گا۔ یہ نقش اس مقصد کے لیے نہایت آزمودہ ہے۔




Presented by www.ziaraat.com

## بخار سے خلاصی

اگر کوئی بخار میں مبتلا ہو بخار کی شدت کم نہ ہوتی ہو کسی بھی دوائی سے معمولی سا افاقہ بھی نہ ہوتا ہو تو ایسی صورت میں چاہیئے کہ ایک صاف لکڑی لے کر مریض کو اپنے سامنے بٹھائے اور مریض کے چاروں طرف مندرجہ ذیل آیت مبارکہ تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۗ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ

پڑھنے کے بعد ہر مرتبہ لکڑی کو زمین پر مارے انشاء اللہ تعالیٰ بخار کا زور ختم ہو جائے گا اور بخار اتر جائے گا انتہائی مجرب آزمودہ عمل ہے۔

## حافظہ خوب مضبوط ہو

اگر کسی کا حافظہ بہت زیادہ کمزور ہو معمولی سی بات بھی یاد نہ رہتی ہو تو اس صورت میں چاہیئے کہ پنجشنبہ کے دن روزہ رکھے اور افطاری سے پہلے باوضو حالت میں چینی کی صاف پلیٹ پر عرق گلاب اور زعفران سے مندرجہ ذیل کلمات لکھیے۔

Presented by www.ziaraat.com

# لآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

لکھنے کے بعد بارش کے پانی یا عام تازہ پانی سے پلیٹ دھوئے اور اس سے روزہ افطار کرے بفضل باری تعالیٰ حافظہ خوب مضبوط ہو جائے گا یاد داشت بہتر ہو جائے گی جو بھی بات یاد رکھنے کی کوشش کرے گا۔ عرصہ تک یاد رہے گی۔

## مشکل آسان ہو جائے

کسی بھی مشکل یا مصیبت سے نجات کیلئے یہ نقش لکھ کر اپنے بازو پر باندھے۔ بفضل باری تعالیٰ ہر مشکل سے نجات ہوگی۔ نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم




Presented by www.ziaraat.com

# روزگار کا حصول

جو کوئی رزق حلال کے حصول کے لیے کوشاں ہو بیروزگار ہو یا بیمار ہو اور بیماری پیچھا نہ چھوڑتی ہو جس کی وجہ سے کاروبار اور ذریعہ معاش متاثر ہو گیا ہو تو چاہیئے کہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھ کر اپنے پاس رکھے ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اسے باعزت روزگار حاصل ہو جائے گا بیماری سے شفا حاصل ہو گی اور مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔ یہ نقش پاک نہایت آزمودہ ہے

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سبح للہ | ما فی | السمٰوٰت | والارض | وھو العزیز | الحکیم | لہ ملک | السمٰوٰت | والارض | یحیی ویمیت |
| ما فی | السمٰوٰت | والارض | وھو العزیز | الحکیم | لہ ملک | السمٰوٰت | والارض | یحیی ویمیت | وھو علی |
| السمٰوٰت | والارض | وھو العزیز | الحکیم | لہ ملک | السمٰوٰت | والارض | یحیی ویمیت | وھو علی | کل شیء قدیر |
| والارض | وھو العزیز | الحکیم | لہ ملک | السمٰوٰت | والارض | یحیی ویمیت | وھو علی | کل شیء قدیر | ھو الاول |
| وھو العزیز | الحکیم | لہ ملک | السمٰوٰت | والارض | یحیی ویمیت | وھو علی | کل شیء قدیر | ھو الاول | والاخر |
| الحکیم | لہ ملک | السمٰوٰت | والارض | یحیی ویمیت | وھو علی | کل شیء قدیر | ھو الاول | والاخر | والظاھر |
| لہ ملک | السمٰوٰت | والارض | یحیی ویمیت | وھو علی | کل شیء قدیر | ھو الاول | والاخر | والظاھر | والباطن |
| السمٰوٰت | والارض | یحیی ویمیت | وھو علی | کل شیء قدیر | ھو الاول | والاخر | والظاھر | والباطن | وھو بکل |
| والارض | یحیی ویمیت | وھو علی | کل شیء قدیر | ھو الاول | والاخر | والظاھر | والباطن | وھو بکل | شیء |
| یحیی ویمیت | وھو علی | کل شیء قدیر | ھو الاول | والاخر | والظاھر | والباطن | وھو بکل | شیء | علیم |

Presented by www.ziaraat.com

## حاکم نقصان نہ پہنچائے

کتاب مقال میں لکھا ہوا ہے کہ حاکم کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے حضرت امام موسیٰ کاظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ اگر حاکم وقت سے خوف محسوس ہوتا ہو یا کسی بھی شخص سے خوف ہو تو جب اس کے سامنے جائے تو اس پر پہلی نگاہ ڈالتے ہی یہ کہے۔

یَا مَنْ لَّا یُضَامُ وَلَا یُرَامُ وَلَهٗ تَوَاصَلَتِ الْاَرْحَامُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَکْفِنِیْ شَرَّهٗ۔

## مثانہ کی پتھری کا علاج

اگر کسی کے مثانہ میں پتھری اور پیشاب کے وقت شدید تکلیف محسوس ہوتی ہو تو اس ضمن میں حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رات کو سونے سے قبل تین مرتبہ یہ پڑھے اور صبح جب بیدار ہو تو ایک مرتبہ پڑھے۔

Presented by www.ziaraat.com

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ

وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝

## دانت درد سے نجات

یہ دانت کے درد کا فوری اور شافی علاج ہے مفضل ابن عمر فرماتے ہیں کہ میں دانت کے شدید درد کی حالت میں حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے اپنی تکلیف بیان کی حضرت امام نے مجھے اپنے قریب بلایا اور اپنی انگشت مبارک اس مقام پر رکھ کر کچھ پڑھا جہاں پر کہ شدید درد ہو رہی تھی تو فوری طور پر درد موقوف ہو گیا اور آپ نے مجھ سے پوچھا کہ کیا حال ہے؟ میں نے عرض کیا کہ اب بالکل ٹھیک ہے یہ سن کر آپ مسکرائے، میں نے عرض کیا کہ یہ آپ نے کیا پڑھا تھا مجھے بھی تعلیم فرمائیں۔ اس پر حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ ایک مرتبہ سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئیں اور دانت کی

Presented by www.ziaraat.com

تکلیف کا اظہار کیا اس پر حضور علیہ الصّلوٰۃ والسلام نے اپنی انگشت مبارک دانتوں پر رکھی اور فرمایا۔

**ما تلقی فاطمة بنت خديجة من الضرس كله**

چنانچہ فوری طور پر درد کافور ہوگیا اور اسے مفضل! میں نے بھی یہی پڑھا ہے اور اس میں کچھ اضافہ نہیں کیا۔

## باری کے بخار کا علاج

باری کے بخار کے علاج کے ضمن میں کتاب مقال میں حضرت امام حسن عسکری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے مروی ہے کہ باوضو حالت میں پوست آہو پر یہ لکھے۔

**يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰی اِبْرَاهِيمَ**

لکھنے کے بعد جب مریض کو بخار چڑھے تو اس کی پیشانی پر باندھ دیں پھر ایک کاغذ پر یہ لکھیں۔

**قل الله اذن لكم ام على الله تفترون ۝**

لکھنے کے بعد مریض کے دائیں بازو پر باندھیں جبکہ ایک دوسرا کاغذ لے کر

Presented by www.ziaraat.com

اس پر یہ لکھیں۔

# بطلط بطلطلطا

اس کے ساتھ ہی اس وقت یہ کہیں۔

**عَقَدۡتُ عَلیٰ اسۡمِ اللہِ حُمّٰی** فلاں بن فلاں


کہتے ہوئے تعویذ کی طرح مریض کے بائیں بازو پر باندھ دیں بفضل باری تعالیٰ بخار اتر جائے گا۔

## کبھی محتاج نہ ہو

ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک چشم خلائق میں معزز و مقبول ہونے اور محتاجی کو دور کرنے کے لیے بہت ہی خوب ہے حضرت شیخ بہاؤالدین زکریا رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے منقول ہے کہ اگر کوئی اس کو ایک مرتبہ (یقین کامل، توجہ اور یکسوئی سے) دیکھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ جہنم کی آگ سے محفوظ رہے گا اگر روزانہ دیکھنے کا معمول بنالے گا تو کبھی محتاج نہ ہوگا۔ اگر چاند کے مہینہ کے شروع میں خصوصی طور پر دیکھے گا تو چشم خلائق میں معزز و مقبول ہوگا۔

Presented by www.ziaraat.com

نقش مبارک یہ ہے۔



# فالج ولقوہ کیلئے

حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ فالج ولقوہ کے لیے سورۂ فاتحہ ومعوذتین مشک وزعفران سے لکھے اور پھر ان کے نیچے یہ لکھے

اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِعِزَّةِ الَّتِي
لَا تُرَامُ وَبِقُدْرَةِ الَّتِي لَا يَمْتَنِعُ مِنْهُ شَيْءٌ
مِنْ شَرِّ هٰذَا الْوَجْعِ وَمِنْ شَرِّ مَا فِيْهِ وَمِنْ
شَرِّ مَا اَحْذَرُ مِنْهُ ؕ

آب باراں سے دھو کر صبح سویرے اور رات کو سونے سے قبل پی

Presented by www.ziaraat.com

لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہوگی۔

## سر درد کے لیے

اگر کسی کو اچانک سر درد کی شکایت لاحق ہوگئی ہو تو چاہیئے کہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں لکھ کر مریض کے سر پر باندھے بفضل باری تعالیٰ سر درد میں آرام آجائے گا اور سکون محسوس ہوگا سر درد کے عارضہ میں فوری افاقے کے لیے یہ نقش نہایت ہی زود اثر اور آزمودہ ہے۔

نقش یہ ہے۔

یابدوح یابدوح

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یابدوح | یابدوح | یابدوح | یابدوح | یابدوح | یابدوح | یابدوح |
| درد | درد | درد | درد | درد | درد | درد |
| ۲۴۲ | ۲۴۲ | ۲۴۲ | ۲۴۲ | ۲۴۲ | ۲۴۲ | ۲۴۲ |
| یابدوح | یابدوح | یابدوح | یابدوح | یابدوح | یابدوح | یابدوح |
| درد | درد | درد | درد | درد | درد | درد |
| ۲۰۴۲ | ۲۰۴۲ | ۲۰۴۲ | ۲۰۴۲ | ۲۰۴۲ | ۲۰۴۲ | ۲۰۴۲ |

Presented by www.ziaraat.com

# بانجھ پن دور ہو

عورت کے بانجھ پن کی صورت میں باوضو ہو کر گیارہ عدد سپاری لیں اور ہر سپاری پر گیارہ مرتبہ یہ پڑھیں۔

**اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الشَّھِیْدُ وَاَنَا الْمَشْھُوْدُ فَمَنْ یَدْعُوا الْمَشْھُوْدَ اِلَّا الشَّھِیْدُ یَارَبِّ۔**

یہ دم کی ہوئی سپاری عورت روزانہ بلا ناغہ ایک عدد کھائے ان شاء اللہ تعالیٰ بانجھ پن دور ہو جائے گا اللہ رب العزت اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمائے گا۔

# دشمن کی زبان بندی

دشمنوں اور حاسدوں کی زبان بندی کے لیے امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ دشمنوں اور بدگویوں کی زبان بندی کے لیے تین مرتبہ اس دعا کو پڑھے جس مقصد کیلئے پڑھے گا ان شاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہو گی جب بھی پڑھے باوضو حالت میں پڑھے اور یقین کامل سے پڑھے

Presented by www.ziaraat.com

دل میں ہرگز شک نہ لائے۔ دُعا یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ یَا مُفَتِّحَ اَبْوَابِ الْخَیْرَاتِ یَا

حَبِیْبِیْ مِنْ عِنْدِكَ مَدَدِیْ بِحَقِّ حُرْمَةِ

مُحَمَّدِ عَرَبِیْ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا

ذَالْقُوَّةِ الْمَتِیْنِ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ یَا

طَیْهُوْجُ یَا نَاصِرُ فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ

الْکَافِرِیْنَ۔ یَا اللّٰہُ جَلَّ جَلَالُهٗ مُصْطَفٰی

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ بستم برکاتہ وسلیمان بستم تیغ وتبر وغیرہ

الوری دشمنان وبداندیشان وبدخواہاں وفرمان اللہ عزوجل

وَذٰلِکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ بحرمت شمعون یا سیدنا یا سیدنا

یا سیدنا مقصد بستم ومہر کردم زبان عالم حاجتے اللہ عزوجل بستہ

باد مضرات اللسان حسوداں سیاہ. وسفید و زنداں دبستم خراب دشمنان سرد و هوائے وپائے - درزمین بستم وزبان وفعل وعقل وحواس ہمہ بداندیشاں وبدخواہاں وعاقلاں کہ نافہمند بستم یا خدایا بستہ باد خداوند ابستہ باد و بستہ گرداں کام کردن ایشاں را درعاقل وہوش ایں دشمناں بحرمت حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ وحضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ و امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ (شہید دشت کربلا) وبحرمت حضرت فاطمۃ الزہرا خیر النساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا وبحرمت حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم ابن عم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم بستم خون برزمین وخون ستارہ برآسماں وبستم خون مرغ کشد ہاں را وبستم بحق لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وبحق سلیمان بن داؤد علیہما السلام بستم بستم

سُبْحٰنَكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ

وَوَارِثَهٗ وَرَازِقَهٗ بستم بحق حرمت لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

بدیں نام یَا رَحْمٰنَ كُلِّ شَيْءٍ وَرَاحِمَهٗ بستم بدیں نام

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا مَنْ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَ

Presented by www.ziaraat.com

لِقَآئِهٖ یَا اِلٰهَ الْعٰلَمِیْنَ یَا خَیْرَ النّٰاصِرِیْنَ

وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ

الرَّاحِمِیْنَ۝

## اولاد کے لیے

اگر کوئی بے اولاد ہو اور اولاد کی نعمت کے حصول کا خواہاں ہو تو اتوار کے روز ذیل میں دیا ہوا نقش تین عدد مشک و زعفران سے لکھے اور جمعہ کی شب سے دودھ میں گھول کر تین راتوں تک روزانہ بلا ناغہ دونوں میاں بیوی پی لیں انشاء اللہ تعالیٰ اولاد کی نعمت سے محروم نہ رہیں گے۔

۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۲ | ۳۵ | ۳۷ | کھیعص |
| ۳۸ | ۳۱ | ۳۶ | حمعسق |
| ۳۴ | ۳۹ | ۳۲ | کھیعص |
| | | | حمعسق |

Presented by www.ziaraat.com

# آفات و بلیات سے محفوظ رہے

علی ابن طاؤس بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جو کوئی صبح بیدار ہونے کے بعد کسی چیز کو دیکھنے سے قبل اپنے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی میں عقیق کے نگینے والی انگوٹھی پہن کر ایک مرتبہ سورۂ انا انزلناہ پڑھ کر دم کرے اور پھر یہ کہے۔

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَکَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَاٰمَنْتُ بِسِرِّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلَانِیَتِھِمْ وَظَاھِرِھِمْ وَاَوَّلِھِمْ وَاٰخِرِھِمْ ط

تو اللہ تعالیٰ اس روز اسے آسمانی و زمینی بلاؤں سے محفوظ رکھے گا

# جان و مال کی حفاظت کیلئے

منقول ہے کہ جو کوئی ذیل میں دیئے ہوئے کلمات مبارکہ اور تعویذ

Presented by www.ziaraat.com

باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا مال و جان محفوظ رہے گا کوئی اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا اللہ رب العزت اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا ھو یا من ھو یا من لیس الا ھو صل علی محمد و آل محمد واجعل عامل کتابی ھذا من کل ھم و غم و الم و خوف فرجا و مخرجا برحمتک یا ارحم الراحمین ۰

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

محمد و علی و فاطمۃ و الحسن و الحسین و علی و محمد و جعفر و موسیٰ و علی و محمد و علی و الحسن و محمد صلوٰت اللہ علیہم اجمعین

Presented by www.ziaraat.com

# پریشانی کا خاتمہ

اگر کوئی کسی ایسی پریشانی میں مبتلا ہو کہ جس کے باعث اس کا سکون ختم ہو گیا ہو قلب بے چینی محسوس کرتا ہو کسی بھی طرح قرار نہ آتا ہو تو چاہیئے کہ ہر نماز کے مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے، آیت مبارکہ یہ ہے۔

وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ

اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم اور اس آیت مبارکہ کی برکت کے طفیل بندے کو پریشانی میں صابر و شاکر رہنے کی توفیق عطا فرمائے گا اس کے قلب کو مطمئن اور پرسکون بنا دے گا اور جلد ہی اس کی پریشانی راحت میں بدل جائے گی۔

# دودھ میں اضافہ

اگر کسی دودھ پلانے والی عورت کے دودھ میں کمی واقع ہو گئی ہو اور کسی بھی طرح عورت کے دودھ میں اضافہ نہ ہوتا ہو تو اس مقصد کے لیے چاہیئے کہ کچی مٹی کی صاف ستھری اور نئی پلیٹ لے کر باوضو حالت میں عرق گلاب

Presented by www.ziaraat.com

زعفران اور خالص شہد کے ساتھ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ لکھے ،

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ط وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَ عَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ○

لکھنے کے بعد پانی سے دھوئے اور عورت کو پلاوے سات یوم تک روزانہ بلاناغہ اسی طرح لکھ کر عورت کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ دودھ میں کمی واقع نہ ہوگی اور دودھ وافر آئے گا۔

## گرفتاری سے بچنے کیلئے

اگر ظالم حاکم سیاسی طور پہ کسی کو گرفتار کرنے کا خواہاں ہو تو وہ روزانہ نماز فجر کے بعد ایک سو مرتبہ یہ پڑھے۔ پڑھنے کے بعد بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ گرفتاری سے بچا رہے گا۔

دعا اگلے صفحہ پر دیکھیے

Presented by www.ziaraat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ
اَهْلُهَا وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا وَّ
اجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ۝

## شوگر اور بلڈ پریشر کا علاج

شوگر اور بلڈ پریشر کے مریض کے لیے پانی میں اس قدر شہد خالص مکس کریں کہ پانی میٹھا ہو جائے پھر ۷۵ مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

تُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ
وَتُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ
مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

اس کے بعد نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد ایک کپ دودھ میں

Presented by www.ziaraat.com

پانچ قطرے شہد ملے پانی کے ڈالیں اور مریض کو پلائیں مریض پیتے ہوئے اُنیس مرتبہ یہ پڑھے۔

فَبِاَیِّ اٰلَاۤءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ۝

روزانہ صبح و شام اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہو گی مجرب اور آزمودہ ہے۔

## آسیب دفع ہو جائے

ذیل میں دیا ہوا نقش آسیب کو بھگانے اور اس سے ہمیشہ کے لیے نجات حاصل کرنے کے لیے بہت خوب ہے اس مقصد کے لیے چاہیئے کہ اس نقش معظم کو چاندی کے پترے پر باوضو حالت میں کندہ کرے اگر خود نہ کر سکتا ہو تو کسی سے کروالے مریض اس کو اپنے پاس رکھے اور ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھنے کا معمول بنائے اس کے علاوہ اس کو پانی سے دھو کر پانی پر گیارہ مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھ کر دم کرے اور مریض کو پلائے بفضلِ باری تعالیٰ مریض کو شفائے کاملہ حاصل ہو گی اور اس کی بیماری میں دن بدن افاقہ ہو جائے گا۔ نقشِ مبارک اگلے صفحہ پر دیکھیے۔

Presented by www.ziaraat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بحق یامیکائیل | | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | | بحق یاجبرئیل |
| وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ [illegible] الطَّيِّبِيْنَ | ل ہ | ا ع | ش ف | الٓمّٓ ۝ اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ |
| | ا ف | د ہ | ا ل | |
| | ط ا | ا ل | لۂ | |
| بحق یاعزرائیل | | صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ | | بحق یااسرافیل |

(بحوالہ کلمہ طیبہ سے مشکلات کا حل)

# ناجائز قبضہ چھڑوانا

اگر کسی ظالم شخص نے کسی کی زمین یا مکان پر ناجائز قبضہ کر لیا ہو اور کسی بھی طرح وہ اس قبضہ کو چھوڑنے کے لیے تیار نہ ہوتا ہو قبضہ گروپ اسی طرح لوگوں کی زمینوں پر قبضہ کر کے ان کو جائیداد سے محروم کر دیتے ہیں جبکہ شریف لوگ ان کے ڈر سے ان کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے ایسی صورت حال میں جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی زمین واگذار ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ نماز ظہر کی ادائیگی کے بعد گیارہ سو مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھے

Presented by www.ziaraat.com

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝

وَلَنْ یَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ اَیْدِیْهِمْ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ بِالظّٰلِمِیْنَ ۝

سات یوم تک بلاناغہ ظہر کی نماز کے بعد یہ عمل کرے پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ دعا قبول ہوگی ظالم کے ناحق قبضہ سے زمین واگذار ہو جائے گی بفضل باری تعالیٰ سات یوم کے مسلسل عمل سے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

## آنتوں کی سوزش سے شفا

کسی بھی وجہ سے آنتوں میں سوزش یا زخم ہو جانے کی صورت میں روزانہ صبح دوپہر اور شام کو باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر چینی کی پلیٹ پر نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ عرق گلاب، زعفران اور خالص شہد سے یہ کلمات لکھے۔ لکھنے کے بعد تازہ پانی سے دھو کر مریض کو پلائے چالیس یوم تک

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

السلاسل فی مرجع البحرین یا اللہ

Presented by www.ziaraat.com

بلا ناغہ اسی طرح مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ آنتوں کی سوزش اور آنتوں کے زخم ٹھیک ہو جائیں گے پروردگار عالم شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا مجرب اور سریع الاثر عمل ہے۔

# بچّے کا دُودھ چھڑانا

اگر کوئی شیر خوار بچّہ آسانی سے ماں کا دُودھ نہ چھوڑتا ہو اور بہت ضد کرتا ہو تو اس کے لیے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ سورۂ فتح لکھ کر بچے کے بازو پر باندھ دی جائے یا گلے میں ڈال دے تو انشاء اللہ تعالیٰ بچہ آسانی سے ماں کا دُودھ چھوڑ دے گا اور ضد نہ کرے گا۔

# عرق النساء کا علاج

کتاب مصباح میں امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے منقول ہے کہ جب تمہارے پاس عرق النساء کا مریض آئے تو اپنا ہاتھ اس کی درد والی جگہ پر رکھ کر یہ کہے بفضلِ باری تعالیٰ شفا ہو گی۔ (آگے دیکھیے)

Presented by www.ziaraat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ و باللہ اعوذ باسم اللہ الکبیر

واعوذ باسم اللہ العظیم من کل عرق

نعار من شر حر النار

## کمر درد کا علاج

منقول ہے کہ ایک مرتبہ ایک شخص حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی خدمت میں حاضر ہوا اور کمر درد کی شکایت کی آپ نے اس سے فرمایا کہ اپنے ہاتھ کو درد کی جگہ پہ رکھ اور تین مرتبہ یہ پڑھ۔

وما کان لنفس ان تموت الا باذن اللہ

کتبا مؤجلا ومن یرد ثواب الدنیا نؤتہ

منھا ومن یرد ثواب الاخرۃ نؤتہ منھا

وسنجزی الشکرین

ان شاء اللہ تعالیٰ آرام آجائے گا۔

Presented by www.ziaraat.com

# دردِ شقیقہ کیلیے

مروی ہے کہ ایک مرتبہ جناب عمار حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور دردِ شقیقہ کی شکایت کی آپ نے فرمایا کہ تم جب فرض نماز پڑھ لو تو اپنے دائیں ہاتھ کی انگشت سبابہ کو دونوں بھنوؤں کے درمیان رکھو اور سات مرتبہ یَا حَنَّانُ اشْفِنِیْ کہتے ہوئے انگلی کو دائیں ابرو پر مل۔ پھر اس انگلی کو وہاں پر رہنے دے اور دوبارہ سات مرتبہ یا منان اشفنی کہتے ہوئے انگلی کو بائیں ابرو پہ پھیر اور سر کے درمیان اپنے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کو رکھ کر یہ پڑھ۔

یَا مَنْ سَکَنَ لَہٗ مَا فِی اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَهْلِ بَیْتِهٖ وَاسْکُنْ مَا لِیْ۔

## احتلام نہ ہو

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جو کوئی اس

بات سے ڈرتا ہو کہ احتلام نہ ہو جائے تو وہ رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں بستر پر لیٹ کر یہ پڑھ لیا کرے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْاِحْتِلَامِ وَمِنْ سُوْٓءِ الْاِحْتِلَامِ وَمِنْ اَنْ یَّتَلَاعَبَ لِیَ الشَّیْطٰنُ فِی الْیَقْظَۃِ وَالْمَنَامِ۔

ان شاء اللہ تعالیٰ احتلام سے محفوظ رہے گا۔

## زہر باد کا علاج

اگر کسی کو زہر باد ہو گیا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں یہ نقش پاک عرق گلاب و زعفران سے لکھے اور مریض کے گلے میں ڈالے۔ مریض پاکی پلیدی کا خیال رکھے۔ یہ نہایت ہی پُر اثر نقش ہے۔

٧٨٦

| | | |
|---|---|---|
| ٣٠٥ | ٣١٠ | ٣٠٣ |
| ٣٠٤ | ٣٠٦ | ٣٠٨ |
| ٣٠٩ | ٣٠٢ ٩ ١٦ | ٣٠٧ |

اس کے بعد ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھے۔

Presented by www.ziaraat.com


۷۸۶

| ۴۲۲ فادخلوھا خالدین | ۴۵۱ طبتم | ۱۷۰ علیکم | ۱۳۱ سلام |
|---|---|---|---|
| ۱۶۹ | ۱۳۲ | ۱۴۲۱ | ۴۵۲ |
| ۱۳۳ | ۱۷۲ | ۴۴۹ | ۱۴۲۰ |
| ۴۵۰ | ۱۴۱۹ | ۱۳۴ | ۱۷۱ |

لکھنے کے بعد مریض کو پلائیے یہ نقش سات یوم تک روزانہ بلاناغہ پلائیے ان شاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہوگی۔

## طاعون سے بچاؤ

حضرت امام رضا رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے منقول ہے کہ جو کوئی باوضو حالت میں نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک دیکھے گا تو اللہ رب العزت اسے ہر طرح کی مصیبت اور مشکل سے محفوظ رکھے گا اسے طاعون کا مرض لاحق نہ ہوگا دشمن مغلوب ہوگا اور کوئی نقصان ان شاء اللہ تعالیٰ نہ پہنچا سکے گا۔ نقش یہ ہے




Presented by www.ziaraat.com

# غائب کے بارے میں معلوم کرنا

جو کوئی یہ چاہے کہ اسے خواب میں چور یا غائب کے بارے میں معلوم ہو جائے کہ غائب زندہ ہے یا فوت ہو چکا ہے تو وہ رات کو سونے سے قبل با وضو حالت میں سات مرتبہ سورۂ والشمس، سات مرتبہ سورۂ والیل، سات مرتبہ سورۂ والتین اور سات مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر یہ کہے۔

اَللّٰهُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ كَذَا وَكَذَا وَاجْعَلْ لِیْ فَرَجًا وَّاَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا اَسْتَدِلُّ بِهٖ عَلٰی حَاجَةِ دَعْوَتِیْ۔

اس کے بعد دائیں کروٹ پر سو جائے ان شاء اللہ تعالیٰ خواب میں اس کا مقصد پورا ہو جائے گا۔

# تنگدستی دور ہو جائے

مروی ہے کہ ایک مرتبہ ایک شخص نے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ فرزند رسول میرا کاروبار

Presented by www.ziaraat.com

ٹھپ ہو گیا ہے جس کام میں ہاتھ ڈالتا ہوں ناکامی ہوتی ہے میری کوئی بھی حاجت و ضرورت پوری نہیں ہوتی میں سخت پریشان ہوں حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہر نماز کے بعد دس مرتبہ یہ پڑھ لیا کرو۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَسْئَلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ط


راوی کہتے ہیں کہ ابھی تھوڑا ہی عرصہ نہیں گزرا تھا جبکہ میں متواتر یہ عمل کرتا تھا کہ ایک دن جنگل کی طرف سے کچھ لوگ آئے اور انہوں نے آکر مجھے کہا کہ تمہاری قوم کا فلاں شخص فوت ہو گیا ہے تیرے علاوہ اس کا کوئی وارث نہیں ہے چنانچہ اس فوت شدہ شخص کی میراث سے مجھے کافی دولت حاصل ہو گئی اور میری تنگدستی دُور ہو گئی۔

## بیماری کا شافی علاج

ہر طرح کے مرض سے شفاء کے لیے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں لکھ کر ایک نقش مریض کے گلے میں ڈال دے جبکہ ایک نقش پانی میں گھول کر مریض اس پانی کو دن میں کئی بار پی لیا کرے۔

Presented by www.ziaraat.com

ان شاء اللہ تعالیٰ بیماری دور ہو جائے گی اللہ رب العزت شفائے
کاملہ عطا فرمائے گا۔ نقش پاک یہ ہے۔



نقش پاک یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| بسم اللہ | الرحمٰن | الرحیم |
| نصر من | یا محمد | اللہ |
| وفتح | لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ | قریب |
| وبشر المؤمنین | یا اللہ یا رزاق یا فتاح یا فتاح | فاللہ خیر حافظا وھو الرحمٰن الرحیم |

## کُند ذہنی کا علاج

اگر کوئی بہت زیادہ کند ذہن ہو حافظہ بہت زیادہ کمزور ہو کوئی بھی بات یاد نہ رہتی ہو تو چاہیئے کہ یہ نقش عرق گلاب و زعفران سے دو عدد لکھے ایک تعویذ بازو پر باندھے جبکہ دوسرا پانی میں گھول کر سات یوم تک بلا ناغہ پی لے ان شاء اللہ تعالیٰ کُند ذہن ٹھیک ہو جائے گا۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے

Presented by www.ziaraat.com

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ |
| ۴ | ۲ | ۷ | ۶ |
| ۶۱ | ۱۶ | ۹ | ۱۴ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۴ |

# بدروحیں تنگ نہ کریں

اگر کسی مکان میں بدروحوں کی آمدورفت ہو اور وہ تنگ کرتی ہوں جس کے باعث بہت زیادہ پریشانی ہو تو خبیث بدرُوحوں کو بھگانے کی غرض سے چاہئے کہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر لکھے۔

أُولَٰئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ أَن يَدْخُلُوهَا إِلَّا خَائِفِينَ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ

لکھنے کے بعد اس کاغذ کو مکان کی دیوار کے ساتھ چسپاں کر دے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کوئی بدرُوح اس مکان میں داخل نہ ہو سکے گی۔ اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

Presented by www.ziaraat.com

# دانت درد کا شافی علاج

اگر کسی کے دانتوں میں کیڑا لگ گیا ہو جس کی وجہ سے دانتوں میں بہت شدید درد ہوتی ہو تو اس میں فوری آرام کی غرض سے سورۂ بقرہ سے استفادہ کرنا بہت ہی مفید ہے اس مقصد کے لیے چاہیئے کہ باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ یا کپڑے کے ٹکڑے پر یہ آیت مبارکہ لکھے

لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ


اور لکھنے کے بعد جس دانت میں کیڑا لگا ہے اس کے نیچے رکھ کر دانتوں کو دبائے تھوڑی دیر تک اسی طرح رکھے پھر کاغذ باہر نکال دے انشاء اللہ تعالیٰ دانت درد کی شکایت رفع ہو جائے گی اور دانتوں کے کیڑے سے بھی نجات مل جائے گی پہلے ہی دن افاقہ ہوگا تین یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے بفضل باری تعالیٰ مکمل طور پر شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

# جھوٹے مقدمے سے خلاصی

اگر کسی کو جھوٹے مقدمے میں ملوث کر دیا گیا ہو یا اس کو مقدمے میں ملوث

Presented by www.ziaraat.com

کردینے کا خدشہ و خطرہ ہو تو ذیل میں دیا ہوا نقش پاک عرق گلاب و زعفران سے باوضو حالت میں لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے ان شاء اللہ تعالیٰ جھوٹے مقدمے سے خلاصی ہو گی۔ اللہ رب العزت اپنی حفظ و امان میں رکھے گا اور کسی طرح کا نقصان نہ ہو گا۔ نقش پاک یہ ہے جو کہ اس مقصد کے لیے نہایت آزمودہ اور تجربہ شدہ ہے۔




فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ

## دشمن کو مغلوب کرنا

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے اور دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کی غرض

Presented by www.ziaraat.com

سے جو کوئی اس نقش پاک کو اپنے بازو پر باندھ رکھے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ اسے اپنے مقصد میں کامیابی ہو گی اس کا دشمن مغلوب ہو گا۔

نقش یہ ہے۔




Presented by www.ziaraat.com

# دشمن نقصان نہ پہنچا سکے

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے اور دشمن کو مغلوب کرنے کی غرض سے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک اپنے بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کو ناکامی ہوگی اور حامل نقش ہر نقصان سے محفوظ رہے گا۔ نقش یہ ہے۔



Presented by www.ziaraat.com

# چشم خلائق میں مقبول ہونا

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ چشم خلائق میں مقبول و معزز ہو جائے جہاں بھی جائے اس کی عزت افزائی ہو کسی علاقے کی حکمرانی یا کسی مخصوص عہدہ و مقام پر فائز ہونے کے لیے کوشش کرے تو اس میں بفضل باری تعالیٰ کامیابی حاصل ہو تو اسے چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں مشک و زعفران سے ساعت زہرہ میں مندرجہ ذیل نقش مبارک لکھے۔

۷۸۶


| | | | |
|---|---|---|---|
| فسیکفیکھم | اللہ وھو | السمیع | العلیم |
| العلیم | السمیع | اللہ وھو | فسیکفیکھم |
| اللہ وھو | فسیکفیکھم | العلیم | السمیع |
| السمیع | العلیم | فسیکفیکھم | اللہ وھو |

اس نقش کو اپنی ٹوپی میں رکھے اس کے علاوہ ہر نماز کی ادائیگی کے بعد گیارہ مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھنے کا معمول بنائے۔ فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جس بھی اچھے کام میں کوشش کرے گا کامیابی حاصل کرے گا چشم خلائق میں عزیز و محترم ہو گا۔

Presented by www.ziaraat.com

# رزق میں اضافہ

اگر کسی کا کاروبار کسی دشمن نے کالے علم سے بند کر دیا ہو تو وہ چاند کے مہینے کے پہلے منگل کو نماز فجر کی ادائیگی کے بعد سفید کاغذ پر زعفران سے یہ نقش پاک دو عدد لکھے۔



لکھنے کے بعد ایک نقش اپنے کاروبار کی جگہ پر دیوار سے چسپاں کر دے جبکہ دوسرا نقش پاک جمعہ کے دن صبح اپنے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے رزق حلال میں خوب اضافہ ہو گا اس جگہ سے کالے جادو کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ اور کاروبار چل پڑے گا۔

Presented by www.ziaraat.com

# کالا جادو اثر نہ کرے

اگر کسی پر شدید کالا جادو کر دیا گیا ہو تو یہ نقش تین عدد لکھ کر روزانہ ایک نقش پانی میں گھول کر تین دن مسحور کو غسل کرائے ان شاء اللہ تعالیٰ جادو کا اثر زائل ہو جائے گا اس کے علاوہ صبح و شام گیارہ گیارہ مرتبہ معوذتین پڑھ کر مسحور پر دم کیا جائے سحر کا خاتمہ ہو گا۔ نقش یہ ہے۔

| |
|---|
| ف ٢ ل م ا ع ح د ی |
| ف ل ک ے |
| ک د م ق |
| ٥ ح ا ے بدوح بدوح |

# اپنا مکان مل جائے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کا گھر بن جائے اپنا مکان رہائش کے لیے حاصل ہو جائے تو وہ جمعہ کے دن نماز عصر کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں ایک ہزار مرتبہ یہ درود پڑھ کر دعا مانگے۔

درود اگلے صفحہ پر دیکھیے

Presented by www.ziaraat.com

اللھم صل علی محمد النبی الامی و علی

آل محمد ط

اس کے بعد ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے کرے ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو جائے گی۔

## ہر حاجت کیلئے

ذیل میں دیا ہوا نقش پاک ہر جائز حاجت روائی کے لیے نہایت ہی پُر اثر ہے اگر کوئی عورت بانجھ ہو تو روزانہ یہ نقش پانی میں گھول کر پیئے ان شاء اللہ تعالیٰ صاحبِ اولاد ہو گی۔ دشمن کو مغلوب کرنے کیلئے اپنے بازو پر باندھے کاروبار میں اضافے کیلئے کاروبار کی جگہ پر چسپاں کرے ملازمت میں ترقی کے لیے اپنے گلے میں ڈالے بیماری میں مبتلا ہونے کی صورت میں ایک نقش بازو پر باندھے اور ایک لکھ



Presented by www.ziaraat.com

کر پانی میں گھول کر پیئے بفضل باری تعالیٰ شفا حاصل ہوگی یہ نقش پاک نہایت آزمودہ ہے۔

## بینائی میں اضافہ

حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کسی نے اپنی بینائی کی کمزوری کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا کہ آیت فُود کو کسی پلیٹ پر بارہ مرتبہ لکھ کر پانی سے دھو کر کسی شیشی میں ڈال لو اور سلائی سے آنکھوں میں لگاتے رہو۔ راوی کہتے ہیں کہ ابھی میں نے چالیس سلائیاں نہیں لگائی تھیں کہ مجھے شفا حاصل ہوگئی اور میری بینائی میں اضافہ ہوگیا۔

## کاروبار خوب چلے

کاروبار کی ترقی اور رزق حلال میں اضافے کی غرض سے باوضو حالت میں یہ نقش پاک عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر کاروبار والی جگہ پر چسپاں کر دے ان شاء اللہ تعالیٰ کاروبار دن بدن خوب ترقی کرے گا۔ اس مقصد کے لیے یہ نقش نہایت سریع الاثر ہے۔

نقش اگلے صفحہ پر

Presented by www.ziaraat.com




# شیطانی لشکر سے محفوظ رہنے

شیطانی لشکر کے حملہ سے بچاؤ اور شیطان کے چیلوں کی کارستانیوں سے محفوظ رہنے کے ضمن میں حضرت عروہ بن زبیر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے صاحبزاد ے

Presented by www.ziaraat.com

جناب ہشام رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بیان فرماتے ہیں کہ

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ خلیفہ بننے سے قبل ایک مرتبہ میرے والد محترم حضرت عروہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے پاس آئے اور فرمایا کہ میں نے کل رات ایک عجیب بات دیکھی میں اپنے گھر کی چھت پر بستر پر لیٹا ہوا تھا کہ راستے میں لوگوں کے آنے جانے کی آوازیں سنیں۔ میں نے خیال کیا کہ رات کو گشت کرنے والے سرکاری اہلکار ہوں گے میں نے اٹھ کر دیکھا کہ شیاطین کے گروہ در گروہ آرہے ہیں یہاں تک کہ وہ تمام میرے گھر کے عقب میں نشیبی زمین پہ جمع ہو گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد ابلیس لعین آیا اور اس نے ایک ایسی آواز نکالی کہ جسے سن کر سب گھبرا گئے پھر ابلیس نے کہا کہ عروہ بن زبیر کے لیے کون تیار ہے؟

ان میں سے چند شیاطین بولے کہ ہم تیار ہیں چنانچہ یہ گئے اور تھوڑی دیر بعد واپس آکر کہنے لگے ہم کسی طرح بھی ان پر قابو نہیں پا سکے اس پر ابلیس نے پہلے سے بھی زیادہ گرج کر آواز نکالی اور کہا، کون عروہ بن زبیر کے لیے تیار ہے؟ چند دوسرے شیاطین نے کہا کہ ہم تیار ہیں۔ چنانچہ یہ بھی گئے اور تھوڑی دیر کے بعد واپس آ گئے اور کہنے لگے کہ ہم اس پر ذرا بھی قابو نہیں پا سکے۔ یہ سن کر ابلیس نے تیسری مرتبہ اس قدر زبردست آواز نکالی

Presented by www.ziaraat.com

کر میں سمجھا جیسے زمین پھٹ گئی ہے۔ آواز سن کر سب گھبرا گئے۔ ابلیس نے کہا کون تیار ہے عروہ بن زبیر کے لیے؟ کچھ اور شیاطین آگے بڑھے اور انہوں نے کہا۔ ہم تیار ہیں۔ وہ گئے اور کافی دیر کے بعد واپس آئے اور کہنے لگے کہ ہم کسی طرح بھی اس پر قابو حاصل نہ کر سکے ابلیس لعین یہ سن کر سخت غضب ناک ہوا اور غصہ کی حالت میں چل پڑا اس کے پیچھے پیچھے اس کا شیطانی لشکر بھی چلا گیا۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے سارا واقعہ سننے کے بعد حضرت عروہ بن زبیر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ مجھے میرے والد محترم حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حدیث سنائی کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو میں نے یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو کوئی دن اور رات کے شروع حصہ میں یہ پڑھے گا۔ اس کو اللہ تعالیٰ ضرور ابلیس اور اس کے لشکر سے محفوظ رکھے گا

بِسْمِ اللّٰہِ ذِی الشَّاْنِ عَظِیْمِ الْبُرْھَانِ
شَدِیْدِ السُّلْطَانِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ
اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ۔

Presented by www.ziaraat.com

## رگ پھٹنے کا علاج

کسی وجہ سے جسم پر شدید چوٹ لگنے کی وجہ سے کوئی رگ پھٹ جائے اور اس سے خون بہنا شروع ہو جائے اور بہت زیادہ تکلیف محسوس ہوتی ہو تو فوری طور پر وضو کر کے سفید پلیٹ جو کہ چینی کی ہو اس پر عرق گلاب اور زعفران سے یہ لکھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ

لکھنے کے بعد پانی سے دھو کر مریض کو بار بار پلائے اگر بے ہوش ہو گیا ہو تو اس صورت میں چمچ کے ساتھ پانی حلق میں ٹپکایا جائے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے شفائے کاملہ نصیب ہو گی۔ جگر کے تمام امراض میں بھی مفید ہے۔

## جنات بھاگ جائیں

جنات کو بھگانے کے لیے حرز ابودجانہ بہت ہی پر اثر ہے۔ مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابودجانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور نبی کریم

Presented by www.ziaraat.com

علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کی کہ مجھے رات کو عجیب و غریب چیزیں دکھائی دیتی ہیں جو کہ بے حد خوفناک ہوتی ہیں اور ان سے انتہائی ہیبت ناک آوازیں بلند ہوتی ہیں کبھی تو چکی کے چلنے کی سی آواز آتی ہے اور کبھی یوں محسوس ہوتا ہے جیسے شہد کی مکھیاں چھتے میں بھنبھنا رہی ہوں کبھی بجلی کی مانند چمک پیدا ہوتی ہے اور کبھی بالکل سیاہی پھیل جاتی ہے کبھی میرے گھر میں کوئی اس طرح کھڑا ہوا دکھائی دیتا ہے کہ کبھی تو وہ بہت لمبا ہو جاتا ہے اور کبھی چھوٹا بن جاتا ہے ایک رات میں گھبرا کر اٹھا اور میرا ہاتھ جب اس جسم تک پہنچا تو مجھے نظر آیا کہ اس کے جسم کی کھال خارپشت کی کھال کی مانند ہے اس نے فوراً میری طرف آگ برسانا شروع کر دی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا" اے ابودجانہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) تیرے گھر میں جنات کا اثر ہے اس کے بعد آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو بلایا اور یہ دعا لکھوائی حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے لکھ کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فرمان کے مطابق حضرت ابودجانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دے دی۔ حضرت دجانہ بیان فرماتے ہیں کہ سونے سے قبل میں نے اس حرز کو اپنے سرہانے رکھ لیا اور سو گیا یکایک مجھے گریہ زاری کی آواز سنائی دی جس سے میری آنکھ

کھل گئی میں نے سُنا کہ کوئی کہہ رہا ہے اے دجانہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اس تحریر کو ہمارے پاس سے دُور کردو کیونکہ ہم ہلاک ہوئے جارہے ہیں ہم عہد کرتے ہیں کہ اب کبھی آپ کے گھر میں نہیں آئیں گے اور جس گھر میں یہ حرز ہو گی ہم اس گھر میں داخل نہ ہوں گے۔ ابودجانہ فرماتے ہیں کہ اس کے بعد کبھی مجھے اس طرح کی صورتِ حال پیش نہیں آئی۔

## حرزِ ابودجانہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اِلٰى مَنْ طَرَقَ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ وَالنُّظَّارِ وَالسَّائِحِيْنَ اِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ اما بعد. فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِي الْخَلْقِ سَعَةً فَاِنْ تَكُ عَاشِقًا مُوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا مُقْتَحِمًا اَوْ دَاعِيَ حَقٍّ مُبْطِلًا بِنَا كِتَابُ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ اِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ. اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْاَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ يَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا آخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ حٰمٓ لَا تُنْظَرُوْنَ. حٰمٓ عٓسٓقٓ قُهِرَتْ اَعْدَآءُ اللّٰهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

(اللآلی المصنوعة فی احادیث الموضوعة ا/ ۴۳۰)

Presented by www.ziaraat.com

## مصیبت دُور ہو جائے

مصیبت سے نجات کے لیے حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابوحمزہ شمالی سے فرمایا کہ جب تم کسی مصیبت میں پڑ جاؤ تو نماز فجر کی ادائیگی کے بعد ستر مرتبہ یہ کلمات اس طرح سے کہو کہ ہر مرتبہ پڑھنے کے بعد اپنی حاجت بیان کرو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور حاجت روائی ہو گی۔

يَا اَبْصَرَ النَّاظِرِيْنَ يَا اَسْمَعَ السَّامِعِيْنَ

يَا اَسْرَعَ الْحَاسِبِيْنَ وَيَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

## درندوں سے محفوظ رہے

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ اگر کسی کا شیر سے سامنا ہو جائے تو وہ فوری طور پر آیۃ الکرسی پڑھ کر اس کی طرف دم کرے اور یہ کہے۔

عَزَمْتُ عَلَيْكَ بِعَظَمَةِ اللّٰهِ وَعَزِيْمَةِ

مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَعَزِيْمَةِ سُلَيْمَانَ

Presented by www.ziaraat.com

ابْنِ دَاوُدَ وَعَزِيمَةِ عَلِیٍّ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِيْنَ
مِنْ بَعْدِہٖ اَنْ تَجْتَنِبَ عَنْ طَرِيْقِنَا وَ
لَا تُؤْذِ نَا فَاِنَّا عَزِيْمَةٌ۔

راوی کا کہنا ہے کہ ایک مرتبہ میرا شیر سے آمنا سامنا ہو گیا میں نے فوراً یہ عمل کیا تو شیر بغیر کوئی نقصان پہنچائے راستہ کاٹ کر اپنا سر جھکائے واپس چلا گیا۔

## بلڈ پریشر کا علاج

بلڈ پریشر کو اعتدال میں رکھنے کی غرض سے چاہیئے کہ ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے صبح نہار منہ باوضو حالت میں اکتالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پانی پی لے علاوہ ازیں یہ نقش قبلہ رخ بیٹھ کر لکھے لکھنے کے بعد

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۷۲ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۲۷۱ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۲۷۰ |
| ۱۰ | ۲۶۹ | ۴ | ۱۵ |

Presented by www.ziaraat.com

تعویذ کی طرح گلے میں ڈال لے یا بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ بلڈ پریشر ٹھیک رہے گا اس کے علاوہ اس کی برکت سے جگر اور سینہ کے جملہ امراض سے بھی بچاؤ رہے گا۔ تجربہ شدہ ہے۔

## بیماری سے مکمل نجات

حضرت شیخ احمد خوارزمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت سماک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شدید بیمار ہوگئے میں اُن کا قارورہ یعنی پیشاب ٹیسٹ کرانے کی غرض سے طبیب کے پاس لے کر جا رہا تھا کہ اثنائے راہ ایک بزرگ مل گئے انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ کہاں جا رہے ہو۔ میں نے کہا کہ حضرت سماک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بیمار ہیں اُن کے لیے طبیب سے دوا لینے جا رہا ہوں انہوں نے فرمایا "سبحان اللہ۔ اللہ کا دوست غیر اللہ سے استمداد کر رہا ہے واپس جاؤ اور سماک سے کہو کہ جس جگہ پر تمہیں تکلیف ہے وہاں اپنا دایاں ہاتھ رکھ کر یہ کلمات کہو۔

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

بِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ۔

Presented by www.ziaraat.com

بزرگ کی بات سن کر میں اسی وقت واپس لوٹ گیا اور حضرت سماک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو ساری بات بتائی انہوں نے اسی طرح عمل کیا تو اُن کی بیماری ختم ہوگئی اور وہ شفایاب ہوگئے اس کے بعد حضرت سماک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے بتایا کہ جن بزرگ نے یہ عمل بتایا تھا وہ حضرت خضر علیہ السلام تھے۔

## رزق میں اضافہ

حضرت سید عبد القادر جیلانی غوث اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی روزانہ ایک مقررہ وقت پر سات سو مرتبہ یا ایک سو مرتبہ صبح اور ایک سو مرتبہ شام کو بلاناغہ یہ پڑھے

**یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ**

بفضل باری تعالیٰ اس کے رزق میں خوب اضافہ ہوگا۔

## بواسیر کا خاتمہ

بواسیر کے شافی علاج کے ضمن میں حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی نماز فجر کی سنت نماز سے پہلے تین مرتبہ یہ پڑھے

**فَسُبْحٰنَ اللّٰہِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ تُصْبِحُوْنَ**

Presented by www.ziaraat.com

ولہ الحمد فی السموٰت والارض وعشیاً

وحین تظہرون یخرج الحی من المیت

ویخرج المیت من الحی ویحی الارض

بعد موتہا وکذالک تخرجون۔

اس کے بعد دو رکعت سنت نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ الم نشرح اور دوسری رکعت میں سورہ الم ترکیف پڑھے پھر جب سلام پھیرے تو بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے ان شاء اللہ تعالیٰ بواسیر کے مرض سے شفا حاصل ہو گی۔

## قرض کی ادائیگی کیلئے

جو کوئی بہت تنگ دست ہو اس کے مالی حالات اچھے نہ ہوں قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو بظاہر قرض کی ادائیگی کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو اور قرض خواہ قرض کی واپسی کے لیے سخت تقاضہ کرتے ہوں اور تنگ کرتے ہوں اس وجہ سے وہ ہر وقت پریشان رہتا ہو تو حضرت شیخ سید عبدالقادر

Presented by www.ziaraat.com

جیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی ان مبارک کلمات کو باوضو حالت میں لکھ کر ادب واحترام کے ساتھ تعویذ کی شکل میں اپنے پاس رکھے اور ہر فرض نماز کی ادائیگی کے بعد ایک مرتبہ یہ کلمات پڑھ لیا کرے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پردہ غیب سے اس کے قرض کی ادائیگی کا سامان ہو جائے گا اور اس کی پریشانی دُور ہو جائے گی۔

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم، بسم اللہ والحمد
للہ بسم اللہ والشکر للہ بسم اللہ والمنۃ
للہ بسم اللہ والملک للہ بسم اللہ والقدرۃ
للہ بسم اللہ والعظمۃ للہ بسم اللہ والسلطان
للہ بسم اللہ والبرھان للہ والکبریآء والفخر
للہ بسم اللہ والقہر للہ بسم اللہ والنعمۃ للہ
بسم اللہ والمجد للہ بسم اللہ والعطآء للہ
بسم اللہ والثناء للہ بسم اللہ ویا اللہ لاحول
ولاقوۃ الا باللہ العلیّ العظیم برحمتک یا

Presented by www.ziaraat.com

ارحم الراحمین بحق محمد والہ وصحبہ وسلم

## حاکم مہربان ہو جائے

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر حاکم کے سامنے جانا مقصود ہو تو باوضو حالت میں جائے اور یہ کہے۔

کھیعص کفیت حمعسق حمیت

کہتے ہوئے پہلے لفظ کے ہر حرف کے تلفظ کے ساتھ اپنے دائیں ہاتھ کی ہر انگلی کو بند کرے اور لفظ ثانی کے ہر حرف کے تلفظ کے ساتھ بائیں ہاتھ کی ہر انگلی کو بند کرے پھر دونوں ہاتھوں کی انگلیاں بند کر نا جائے اس کے بعد دونوں کو کھول دے بفضل باری تعالیٰ حاکم مہربانی سے پیش آئے گا اور کام حسب منشا کر دے گا اس مقصد کے لیے یہ آزمودہ عمل ہے۔

## بے چینی کا علاج

ذیل میں دیا ہوا وظیفہ بے چینی اور الجھن کے خاتمے کے لیے بہت پُر اثر ہے اس کے متعلق مروی ہے کہ ایک مرتبہ ایک شخص حضرت نظام الدین

Presented by www.ziaraat.com

اولیاء رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ فلاں شخص کہتا ہے کہ میں جب سے حج کر کے واپس آیا ہوں میرا دل بہت تذبذب میں مبتلا ہے کسی صورت قرار نہیں ہے گھر میں بھی مجھے چین نہیں کبھی نیت کرتا ہوں کہ فلاں کام کے لیے سفر کروں کبھی دل میں یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ گھر والوں سے جُدائی ٹھیک نہیں یعنی دل کو کسی بھی طرح چین اور سکون نہیں ہے حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس شخص کے لیے وظیفہ بتایا اور فرمایا کہ اسے کہو کہ وہ یہ آیت مبارکہ ہر روز سات بار

هو الذی انزل السکینة فی قلوب المؤمنین
لیزدادوا ایمانا مع ایمانهم و لله جنود
السموت والارض وکان الله علیما حکیما

اس طرح سے پڑھ لیا کرے کہ پڑھتے وقت اپنا دایاں ہاتھ اپنے سینے پر رکھے اور اس عمل کی پابندی کرے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی بے چینی ختم ہو جائے گی اور سکون قلبی حاصل ہو گا۔

Presented by www.ziaraat.com

## رنج و غم سے نجات

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو کوئی تکلیف پہنچے جس سے وہ غم زدہ ہو جائے تو ہر نماز کے بعد نہایت عاجزی و انکساری سے پانچ مرتبہ رَبَّنَا کہے اس کے بعد بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا غم دور ہو جائے گا۔

## کان اور دانت کا درد نہ ہو

ابن ابی شیبہ لکھتے ہیں کہ جو کوئی چھینکتے وقت یہ کلمات کہہ لیا کرے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ عَلٰی کُلِّ حَالٍ مَّا کَانَ

تو بفضلِ باری تعالیٰ اس کو کبھی کان اور دانت کا درد نہ ہو گا اور دانتوں کے دیگر امراض سے بھی محفوظ رہے گا۔

## مشکل و مصیبت کا فوری خاتمہ

اللہ تعالےٰ کے ایک برگزیدہ بندے بیان فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ

Presented by www.ziaraat.com

میں بیابان میں سفر کے دوران راستہ بھول گیا پیاس کی شدت سے میرا بہت بُرا حال ہو گیا جبکہ دُور دُور تک پانی کہیں دکھائی نہیں دیتا تھا پیاس کے غلبہ کے باعث میری آنکھوں کے سامنے موت پھرنے لگی میں نڈھال ہو کر زمین پر گر پڑا اور مجھے نیند آگئی خواب میں مجھے ایک بزرگ نظر آئے جنہوں نے مجھ سے فرمایا کہ تین مرتبہ یہ کلمات پڑھو۔

يَا لَطِيفًا بِخَلْقِهٖ يَا عَلِيمًا بِخَلْقِهٖ يَا خَبِيرًا بِخَلْقِهٖ اُلْطُفْ بِيْ يَا لَطِيفُ يَا عَلِيمُ يَا خَبِيرُ ۝

اس کے بعد انہوں نے فرمایا کہ یہ دائمی تحفہ ہے جب بھی کوئی مشکل پیش آئے یا مصیبت میں پڑ جاؤ تو اس حل المشکلات وظیفہ کو تین مرتبہ پڑھو۔ میں نے ان بزرگ سے پوچھا کہ آپ کون ہیں؟ فرمایا میں خضر (علیہ السلام) ہوں۔

## ولادت میں آسانی

تسہیل ولادت کے لیے حضرت شاہ عبد العزیز رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

Presented by www.ziaraat.com

لکھتے ہیں کہ اگر زچہ شدید درد زہ میں مبتلا ہو مگر بچے کی ولادت نہ ہو رہی ہو تو ایسی صورت میں سورۂ انشقاق شروع سے لے کر وحقّت تک پڑھیں اور کسی میٹھی چیز پر دم کر کے عورت کو کھلا دیں ان شاء اللہ بچے کی ولادت جلد اور باآسانی ہو جائے گی۔ یہ عمل انتہائی مجرب و آزمودہ ہے

## ہر حاجت پوری ہو جائے

ہر طرح کی جائز حاجت کے لیے یہ عمل بہت ہی پُراثر ہے اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے چاہیئے کہ چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک سو مرتبہ یہ پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ط

دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک سو مرتبہ یہ پڑھے۔

رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ

Presented by www.ziaraat.com

تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک سو مرتبہ یہ پڑھے۔

اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ط

چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک سو مرتبہ یہ پڑھے۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ○

رکوع و سجود مکمل کر کے جب سلام پھیرے تو ایک سو مرتبہ یہ پڑھے۔

رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ط

بفضل باری تعالیٰ جو بھی اللہ تعالیٰ سے مانگے گا اُسے حاصل ہوگا۔ امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے تعجب ہے کہ کوئی شخص یہ عمل کرے اور پھر بھی اس کا مقصد پورا نہ ہو۔

## بچہ بلاوجہ نہ روئے

جو بچہ بلاوجہ روتا رہتا ہو تو باوضو حالت میں سورہ النّجم کی یہ آیت

Presented by www.ziaraat.com

مبارکہ لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ سکون محسوس کرے گا اور اس کا رونا کم ہو جائے گا۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

**افمن هذا الحديث تعجبون وتضحكون ولا تبكون وانتم سامدون ط**

## آسیب سے بچاؤ

سیدنا حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم سے منقول ہے کہ جو کوئی ذیل میں دیا ہوا نقش باوضو حالت میں لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ آسیب و بلا سے بچا رہے گا۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۶۸۱۷ | ۵۶۸۲۰ | ۵۶۸۲۴ | ۵۶۸۱۰ |
| ۵۶۸۲۳ | ۵۶۸۱۱ | ۵۶۸۱۶ | ۵۶۸۲۱ |
| ۵۶۸۱۲ | ۵۶۸۲۶ | ۵۶۸۱۸ | ۵۶۸۱۵ |
| ۵۶۸۱۹ | ۵۶۸۱۴ | ۵۶۸۱۳ | ۵۶۸۲۵ |

Presented by www.ziaraat.com

# حمل قائم کرے

"طلسمات عجائب" میں تحریر ہے کہ اگر کسی عورت کو حمل قرار نہ پاتا ہو تو ذیل میں دیا ہو تعویذ باوضو حالت میں دو عدد لکھ کر ایک پانی میں دھو کر عورت کو پلائے جبکہ دوسرا موم جامہ کر کے عورت اپنی کمر میں باندھے۔ پاکی پلیدی کا خاص طور پر خیال رکھے تعویذ کی بے ادبی نہ کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔ اس مقصد کے لیے نہایت مجرب و آزمودہ تعویذ ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یاعلی یاعلی یاعلی یاعلی یاعلی یاعلی

یاعلی یاعلی یاعلی یاعلی یاعلی یاعلی

یاعلی یاعلی ۲۲۲۲ عععععععععععع

عع ۵۵۵۵۵۵۵ ھوھوھوھوھوو


ووووددددد ص ص ص ص ص

ص ص ص ص یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Presented by www.ziaraat.com

# رزق کی زیادتی

جو کوئی ذیل میں دیا ہوا نقش پاک روزانہ فجر کی نماز کے بعد اور عشاء کی نماز کے بعد دیکھنے کا معمول بنائے تو بفضل باری تعالیٰ اس کے ہاں رزق کی خوب فراوانی ہوگی مگر چاہیئے کہ یقین کامل رکھے یہ نقش مجرب و آزمودہ ہے۔




# آسیب بھاگ جائے

اگر کسی گھر میں دیو پری جن، یا کسی بھی آسیب کا خلل ہو تو ذیل میں دی ہوئی عزیمت با وضو حالت میں لکھ کر گھر کی دیوار پر چپکائے بفضل باری تعالیٰ آسیب بھاگ جائے گا اور کبھی اس طرف کا رُخ نہ کرے گا۔

Presented by www.ziaraat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مَاشَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ وَلَا

حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ

یَا بُدُّوْحُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لِیْ خَمْسَۃٌ اُطْفِیْ بِھَا

حَرَّ الْوَبَآءِ الْحَاطِمَۃَ اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی

وَابْنَاھُمَا وَالْفَاطِمَۃُ ۔

## بُرے خواب نہ آئیں

جس کسی کو پریشان کن خواب نظر آتے ہوں تو وہ ذیل میں دیا ہوا تعویذ باوضو حالت میں لکھ کر اپنے سینے پر باندھے اور سو جائے ان شاء اللہ تعالیٰ پریشان کن خوابوں سے نجات مل جائے گی اور سکون سے نیند آئے گی۔

تعویذ اگلے صفحہ پر دیکھئے

Presented by www.ziaraat.com

یا محمد یا محمد یا محمد یا محمد یا محمد یا محمد
یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم یا علی یا علی یا علی یا علی یا علی
یا علی یا علی یا علی یا علی کرم اللہ وجہہ الکریم یا محمد صلی اللہ
علیہ وسلم یا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

## عزّت و شہرت کیلئے

جو کوئی دولت عزت اور شہرت کے حصول کا خواہاں ہو اور اس معاملہ میں سنجیدہ ہو رزق حلال کماتا اور کھاتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ شرف قمر میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا عمل کرے شرف قمر ہر ماہ میں تقریباً اڑھائی دن رہتا ہے یہ عمل دن یا رات میں ساعت قمر میں کرنے سے ہی مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوتی ہے چنانچہ عمل کا آغاز اس طرح سے کرے کہ پہلے درود تاج سات مرتبہ پڑھے پھر یہ نقش پاک لکھے۔

| | بسم | الرحمٰن | الرحیم | |
|---|---|---|---|---|
| یا اسرافیل | ۲۶۵ | ۲۵۸ | ۲۶۳ | یا جبرائیل |
| یا دردائیل | ۲۶۰ | یا اکرام | ۲۶۴ | [illegible] |
| [illegible] | ۲۶۱ | ۲۶۶ | ۲۵۹ | [illegible] |
| | یا تنکفیل | یا سرکیتائیل | یا طاطائیل | |

نقش پاک لکھنے کے بعد اپنے سامنے رکھے اور سات سو چھیاسی مرتبہ

اجب یا جبرائیل یا ھمواکیل یا دویائیل یا اسرافیل

یا طاطائیل یا دروایائیل یا اموا کیل یا تنکفیل یا حولائیل

یا سرکیتائیل بحق بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۰ پڑھ کر

نقش پر دم کرے اور خوشبو لگا کر اپنے پاس رکھے۔ اگر آسانی سے پڑھ سکتا ہو تو روزانہ اُنیس مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم با موکل پڑھ کر نقش پر دم کر لیا کرے اور ایک گلاس پانی پر بھی دم کر کے پی لیا کرے جو پانی باقی بچ جائے اس کو اپنے ہاتھوں اور چہرے پر مل لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ دنوں میں ہی اس عمل کا اثر ظاہر ہوگا اور بفضل باری تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

(بحوالہ بسم اللہ سے مشکلات کا حل)

## صرع کا شافی علاج

اگر کوئی صرع کے عارضہ میں مبتلا ہو کسی بھی طرح افاقہ نہ ہوتا ہو اور آرام نہ آتا ہو تو باوضو حالت میں سفید کاغذ پر عرق گلاب و مشک و زعفران سے یہ نقش پاک لکھے۔

Presented by www.ziaraat.com

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| حم عسق | طس | حم ق | الون |
| ملك احد | سلك كافی | نافع | رحمٰن |
| محمد | ملك رب | اللہ | کفیل |
| عسق حم | طس | المص | ص ھی ن |

اس نقش پاک کو تعویذ کی طرح مصروع کے سر پر باندھے ان شاء اللہ تعالیٰ صرع کے عارضہ سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

(بحوالہ لوح قرآنی سے مشکلات کا حل)

# دشمن نقصان نہ پہنچا سکے

عزت و مرتبہ میں اضافہ کی غرض سے یہ نقش اپنے پاس رکھے بفضل باری تعالیٰ مقصد میں کامیابی ہوگی یہ نقش بہت ہی مفید اور سریع الاثر ہے۔

| |
|---|
| طمممح طمممح طمممح طمممح طمممحو طمممحو طمممحو |
| یاحی یاقیوم یاذاالجلال والاکرام |
| تلح صلحاد علح مہرا سکندر کلح ٤لا |
| ۳۱۱۹ = ۷ عہ سہ ۹ ۵١٤ و و فہ کو ٤۳ و و |
| الادینا ٭ مح کہ ۱۱ ے |

# دشمن پریشان ہو جائے

ظالم دشمن کو پریشان کرنے اور اس کو ذلیل و برباد کرنے کی غرض سے اتوار کو ساعت مریخ میں یہ نقش لکھے اور درخت یا کسی اونچی جگہ پر لٹکا دے نقش میں دشمن اور اس کی والدہ کا نام بھی لکھے اِن شاء اللہ تعالیٰ دشمن ہر معاملے میں ناکام و پریشان ہو گا مگر چاہیئے کہ کسی کو ناحق پریشان نہ کرے۔ نقش پاک یہ ہے۔




# کبھی ناکامی نہ ہو

ہر اچھے کام میں کامیابی اور فائدے کے حصول کے لیے ذیل میں دی ہوئی شکل مبارک اپنے پاس رکھے اور روزانہ بلا ناغہ نماز فجر کے بعد اسے دیکھا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ کبھی کسی کام میں ناکامی کا سامنا نہ ہو گا


Presented by www.ziaraat.com

اس کو روزانہ دیکھنے سے بے شمار فوائد و ثواب حاصل ہوتا ہے۔

نقش یہ ہے۔

سعهطع سعلطع سعهطع سعلطع

عملطع سعهطع عملطع سعهطع




ررررررررررررررررررر





بحق محمدٍ وآلہٖ اجمعین

الطیبین الطاھرین

صملح

عملطع سعهلع عملطع عمعهطلع الح معهطع


نادِ علیاً مظہر العجائب تجدہُ عوناً لک فی النوائب کل ھمٍّ وغمٍّ سینجلی بعظمتک یا اللہُ یا اللہُ یا اللہُ بنبوتک یا محمدُ یا محمدُ یا محمدُ بولایتک یا علیُ یا علیُ یا علیُ

Presented by www.ziaraat.com

# دشمن کے شر سے حفاظت کیلئے

ظالم دشمن اور شرارتی شخص کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک حضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا مستخرجہ ہے اور اس مقصد کے لیے نہایت مفید اور آزمودہ ہے اس کو اپنے بازو پر باندھے ان شاء اللہ تعالیٰ کوئی بھی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

نقش پاک یہ ہے۔





Presented by www.ziaraat.com

# آسیب دفع کرنا

آسیب کو دفع کرنے کے لیے دو فتیلے لکھ کر ایک کو چراغ میں بتی بنا کر لگائیں اور چراغ میں روغن تلخ ڈال دیں چراغ کو مریض کے سامنے روشن کریں دوسرے فتیلہ پر سیاہ کپڑے کا ٹکڑا لپیٹ کر سلگا دیں اور اس کا دھواں آسیب زدہ کے ناک اور تمام جسم پر پہنچائیں بفضل باری تعالیٰ آسیب بھاگ جائے گا فتیلہ یہ ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۸ | صہ | ۴ |
| ۶ | ۲ | ۲، | ۸ |
| کان ۲ | ۵ | ۲ | ۲ |
| ۲ | ۹ے | ۵ | ر |



# جادو اثر نہ کرے

جادو و سحر کے اثر سے محفوظ رہنے کے لیے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک مہر نبوت کا ہے اس کو اپنے گلے میں ڈالے اور گھر کی دیوار پر چسپاں کر دے ان شاء اللہ تعالیٰ ہر نقصان سے محفوظ رہے گا۔ نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو۔

Presented by www.ziaraat.com



# ساس تنگ نہ کرے

اگر کسی کی ساس تنگ بہت زیادہ کرتی ہو گھر میں لڑائی جھگڑے کی فضا رہتی ہو ساس نے زندگی دوبھر کر رکھی ہو تو ذیل میں دیا ہوا نقش پاک لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھے ان شاء اللہ تعالیٰ گھر میں سکون ہو جائے گا۔ نہایت ہی مجرب ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۱۶ | ۱۲۴۸۹۱ | ۱۸۲۰ |
| ۳۶ | ۱۲۲۴۹۳۰ | ۱۱۲ |
| ۱۱۳ | یاباسط<br>اجب یاجبرائیل | ۴۲۰ |

(ایاک نعبد وایاک نستعین)

# بیمار جلد صحت یاب ہو جائے


ایسا بیمار جو لاغر ہو گیا ہو اس کے بچنے کی کوئی اُمید دکھائی نہ دیتی ہو تو ذیل میں دیا ہوا نقش پاک روزانہ نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں لکھ کر مریض کے بازو میں باندھ دیا جائے ان شاء اللہ تعالیٰ جلد صحت یاب ہو جائے گا۔

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بسم | اللہ | الرحمن | الرحیم | الحمد | للہ | رب | العالمین | الرحمن | الرحیم | مالک | یوم | الدین | ایاک | نعبد |
| اللہ | الرحمن | الرحیم | الحمد | للہ | رب | العالمین | الرحمن | الرحیم | مالک | یوم | الدین | ایاک | نعبد | وایاک |
| الرحمن | الرحیم | الحمد | للہ | رب | العالمین | الرحمن | الرحیم | مالک | یوم | الدین | ایاک | نعبد | وایاک | نستعین |
| الرحیم | الحمد | للہ | رب | العالمین | الرحمن | الرحیم | مالک | یوم | الدین | ایاک | نعبد | وایاک | نستعین | اھدنا |
| الحمد | للہ | رب | العالمین | الرحمن | الرحیم | مالک | یوم | الدین | ایاک | نعبد | وایاک | نستعین | اھدنا | الصراط |
| للہ | رب | العالمین | الرحمن | الرحیم | مالک | یوم | الدین | ایاک | نعبد | وایاک | نستعین | اھدنا | الصراط | المستقیم |
| رب | العالمین | الرحمن | الرحیم | مالک | یوم | الدین | ایاک | نعبد | وایاک | نستعین | اھدنا | الصراط | المستقیم | صراط |
| العالمین | الرحمن | الرحیم | مالک | یوم | الدین | ایاک | نعبد | وایاک | نستعین | اھدنا | الصراط | المستقیم | صراط | الذین |
| الرحمن | الرحیم | مالک | یوم | الدین | ایاک | نعبد | وایاک | نستعین | اھدنا | الصراط | المستقیم | صراط | الذین | انعمت |
| الرحیم | مالک | یوم | الدین | ایاک | نعبد | وایاک | نستعین | اھدنا | الصراط | المستقیم | صراط | الذین | انعمت | علیھم |
| مالک | یوم | الدین | ایاک | نعبد | وایاک | نستعین | اھدنا | الصراط | المستقیم | صراط | الذین | انعمت | علیھم | غیر |
| یوم | الدین | ایاک | نعبد | وایاک | نستعین | اھدنا | الصراط | المستقیم | صراط | الذین | انعمت | علیھم | غیر | المغضوب |
| الدین | ایاک | نعبد | وایاک | نستعین | اھدنا | الصراط | المستقیم | صراط | الذین | انعمت | علیھم | غیر | المغضوب | علیھم |
| ایاک | نعبد | وایاک | نستعین | اھدنا | الصراط | المستقیم | صراط | الذین | انعمت | علیھم | غیر | المغضوب | علیھم | ولا |
| نعبد | وایاک | نستعین | اھدنا | الصراط | المستقیم | صراط | الذین | انعمت | علیھم | غیر | المغضوب | علیھم | ولا | الضالین |

Presented by www.ziaraat.com

# رشتہ کے لیے مجرّب نقش

جس بچی کا کہیں پر رشتہ طے نہ ہوتا ہو یا طے ہو کر ختم ہو جاتا ہو شادی نہ ہوتی ہو تو چاہیئے کہ ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں کسی بھی پاک کپڑے پر لکھ کر لڑکی کو دے اس کو لڑکی روزانہ سر پہ باندھ کر سویا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد کسی اچھی جگہ پر اس کا رشتہ طے ہو جائے گا اور شادی بھی ہو جائے گی اس مقصد کے لیے یہ بہت فائدہ مند نقش ہے۔ نقش پاک یہ ہے۔




Presented by www.ziaraat.com

# حُب کے لیے سریع الاثر نقش

میاں بیوی کے مابین محبّت کے لیے دو دشمنوں کے درمیان نفرت کے خاتمہ کے لیے یہ نقش لکھ کر دائیں بازو پر باندھے جس کے بھی سامنے جائے گا وہ مہربانی اور محبّت سے پیش آئے گا نقش یہ ہے۔

۷۸۶


| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ک | کما انزلنه | من السماء<br>فاختلط | به نبات<br>الارض | فاصبح<br>هشيما | تذروه<br>الرياح | ح |
| ھ | هو الله<br>الذى | لا اله<br>الا هو | والشهادة<br>عالم الغيب | هو<br>الرحمن | الرحيم | م |
| ى | يوم<br>الازفة | لدى<br>اذ القلوب | كاظمين<br>الحناجر | من حميم<br>ما للظالمين | يطاع<br>ولا شفيع | ع |
| ع | نفس<br>علمت | فلا اقسم<br>ما احضرت | الجوار الكنس<br>بالخنس | عسعس<br>والليل اذا | تنفس<br>والصبح اذا | س |
| ص | ص والقرآن | كر<br>ذى الذ | كفروا<br>بل الذين | فى عزة | وشقاق | ق |

# مصیبت و پریشانی سے نجات

ایسی مصیبت اور پریشانی کہ جس سے نجات کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو اس نقش پاک کو اپنے بازو پہ باندھے بفضل باری تعالیٰ مصیبت کا جلد خاتمہ ہو جائے گا۔ اللہ رب العزت اپنا فضل و کرم فرمائے گا۔ نقش

Presented by www.ziaraat.com

پاک یہ ہے۔




# آسیب سے نجات کا مجرّب عمل

آسیب کے خاتمے اور اس سے نجات کے لیے عروج میں اس عزیمت کو گیارہ مرتبہ زکوٰۃ کی غرض سے روزانہ بلاناغہ چالیس یوم تک پڑھے اور گیارہ عدد کالی مرچ کو ایک کپ سرسوں کے تیل میں ڈال کر اس پر دم کرے اس تیل میں سے روزانہ آسیب زدہ کو مالش کے لیے دے کہ وہ اس تیل سے مالش کرے تیل کم ہونے پر مزید تیل اس میں شامل کرلیا جائے

Presented by www.ziaraat.com

بفضل باری تعالیٰ آسیب زدہ کو آرام آجائے گا جادو، سحر اور آسیب کے اثر کا خاتمہ ہو جائے گا۔ عزیمت یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيۡنَ
مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الۡكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيۡنَهُمۡ تَرٰٮهُمۡ رُكَّعًا
سُجَّدًا يَّبۡتَغُوۡنَ فَضۡلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضۡوَانًا ۖ سِيۡمَاهُمۡ
فِىۡ وُجُوۡهِهِمۡ مِّنۡ اَثَرِ السُّجُوۡدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمۡ فِى التَّوۡرٰٮةِ ۛۚ
وَمَثَلُهُمۡ فِى الۡاِنۡجِيۡلِ ۛۚ كَزَرۡعٍ اَخۡرَجَ شَطۡاَهٗ فَاٰزَرَهٗ
فَاسۡتَغۡلَظَ فَاسۡتَوٰى عَلٰى سُوۡقِهٖ يُعۡجِبُ الزُّرَّاعَ
لِيَـغِيۡظَ بِهِمُ الۡكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ مِنۡهُمۡ مَّغۡفِرَةً وَّاَجۡرًا عَظِيۡمًا ۝

ایک بار قل ہو اللہ، ایک بار قل اعوذ برب الفلق، ایک بار قل اعوذ برب الناس ایک بار نادِ علی تین بار تسمیہ اور یہ رباعی تین بار پڑھے۔

شاہِ مرداں شیرِ یزداں قوت پروردگار ۞ لا فتیٰ اِلّا علی لا سیف اِلّا ذوالفقار
شاہِ مرداں شیرِ یزداں صاحبِ دُلدل سوار ۞ لا فتیٰ اِلّا علی لا سیف اِلّا ذوالفقار

Presented by www.ziaraat.com

# حمل سلامت رہے

حمل کی حفاظت کے لیے یہ نقش پاک لکھ کر دے کہ حاملہ اسے دوسرے ماہ کے آغاز میں اپنے گلے میں ڈال لے ان شاء اللہ تعالیٰ حمل قائم رہے گا نقش پاک یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| طلبوس | مرسوس | سلموس | الشار |
| مشوس | فروس | مطیوس | فرمایا ورما |
| قُلْ هُوَ اللّٰهُ | اَحَد | اَللّٰهُ الصَّمَدُ | لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ |
| وَلَمْ يَكُنْ | لَهُ كُفُوًا | اَحَدٌ | احدٌ الله |

# زبان بندی کیلئے

ظالم دشمن کی زبان بندی کیلئے یہ نقش پاک لکھ کر اپنے بازو پر باندھے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن کی بدگوئی سے محفوظ رہے گا۔ اس مقصد کیلئے نہایت آزمودہ نقش ہے


۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| یا قوی | یا علی | یا علی | یا قوی |
| یا علی | یا قوی | یا قوی | یا علی |
| یا قوی | یا علی | یا علی | یا قوی |
| یا علی | یا قوی | یا قوی | یا علی |

Presented by www.ziaraat.com

# بھاگا ہوا واپس آجائے

بھاگے ہوئے کی واپسی کے لیے ذیل میں دیا ہوا نقش پاک باوضو حالت میں عرق گلاب اور زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے




نقشے میں فلاں بن فلاں کی جگہ بھاگے ہوئے اور اس کی والدہ کا نام لکھے اس کے بعد یہ نقشہ دیوار میں لوہے کی کیل سے لگا دے ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد بھاگا ہوا واپس آجائے گا۔

Presented by www.ziaraat.com

# فاطمہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت

اور

## دینی و دنیاوی فوائد

سیدنا نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی پیاری صاحبزادی سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو جو کلمات اَللّٰہُ اَکْبَرُ، سُبْحَانَ اللّٰہِ اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ پڑھنے کے لیے بتائے ان کے بے شمار دینی و دنیاوی فوائد ہیں ان مختصر کلمات کو وظیفہ کے طور پر پڑھنے سے لاتعداد فائدے حاصل ہوتے ہیں ذیل میں اسی حوالے سے مختصر طور پر بیان کیا جاتا ہے۔

## مقبول ترین عمل

حضرت اُمِ ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک دن سیدنا نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام میرے یہاں تشریف لائے تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ

Presented by www.ziaraat.com

وسلم ! میں بوڑھی اور کمزور ہو گئی ہوں کوئی عمل ایسا بتایئے کہ بیٹھے بیٹھے کرتی رہا کروں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، سُبحان اللہ سو مرتبہ پڑھا کرو اس کا ثواب ایسا ہے گویا تم اولاد اسمٰعیل میں سے سو غلام آزاد کرو۔ سو مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ پڑھا کرو اس کا ثواب ایسے سو گھوڑوں کے برابر ہے جن پر زین کسی ہوئی ہو اور لگام لگی ہوئی ہو انہیں اللہ تعالیٰ کی راہ میں سواری کے لیے دے دو۔ سو مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ پڑھا کرو اس کا ثواب ایسے سو اُونٹوں کو ذبح کیے جانے کے برابر ہے جن کی گردنوں میں قربانی کا پٹہ پڑا ہوا ہو۔

(ابن ماجہ، احمد، طبرانی کبیر)

# محبوب کلمے

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ سیدنا رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا، چار کلمے اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب ہیں۔ سُبحان اللہ، الحمد للہ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ اللہ اکبر۔ ان میں سے جس کو چاہو۔ پہلے پڑھو۔

(مسلم شریف)

# ایک ہزار گناہوں کی معافی

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم سیدنا رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیا تم میں سے کوئی شخص ہر روز ایک ہزار نیکیاں کمانے سے عاجز ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے لوگوں میں سے ایک نے سوال کیا ہم میں سے کوئی آدمی ایک ہزار نیکیاں کس طرح کما سکتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سو مرتبہ سُبحان اللہ پڑھے اس کے لیے ایک ہزار نیکیاں لکھ دی جائیں گی اور اس کے ایک ہزار گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

(مسلم شریف)

احادیث مبارکہ کی روشنی میں بخوبی طور پر یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ ان کلمات کے پڑھنے سے بہت سے دینی و دنیاوی فوائد حاصل ہوتے ہیں یہ مجرب و آزمودہ وظیفہ ہے ہر طرح کی مشکل اور پریشانی میں پڑھنے سے پریشانی کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

## تنگدستی کا تیر بہدف نسخہ

تنگدستی اور مفلسی کے خاتمے کے لیے ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ الحمد للہ

ایک سو مرتبہ سبحان اللہ اور ایک سو مرتبہ اللہ اکبر پڑھکر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے ان شاء اللہ تعالیٰ اس وظیفہ کی مداومت کرنے سے اللہ رب العزت اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا اور خوشحالی میسّر ہو گی۔

## گھریلو ماحول میں خوشگواری

جس گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہو بات بات پر گھر کی فضا خراب ہو جاتی ہو تو چاہیئے کہ روزانہ نماز فجر کے بعد تین سو مرتبہ الحمد للہ تین سو مرتبہ سبحان اللہ اور تین سو مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر پانی پر دم کرے اور گھر کے افراد یہ پانی پی لیا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ گھر کا ماحول خوشگوار ہو جائے گا چالیس یوم تک باقاعدگی سے اس عمل کی برکت سے گھر میں لڑائی جھگڑا نہ ہو گا۔ گھر کے افراد سکون و برداشت سے رہیں گے۔

## مایوسی کا مجرّب علاج

جس پر ہر وقت مایوسی کی کیفیت چھائی رہتی ہو اور وہ بہت جلد مایوس ہو جاتا ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ روزانہ ہر نماز کے بعد پچاس مرتبہ الحمد للہ پچاس مرتبہ سبحان اللہ اور پچاس مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر اپنے سینے

Presented by www.ziaraat.com

پردم کرلیا کرے بفضل باری تعالیٰ اس کی مایوسی کی کیفیت ختم ہو جائے گی اور اس کے قلب میں اُمید و یقین کے جذبات مضبوط ہو جائیں گے۔

## اولاد تابعدار رہے

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کی اولاد تابع دار رہے بُری صحبت کا شکار نہ ہو تو وہ روزانہ رات کو نماز عشاء کے بعد ایک سو مرتبہ الحمد للہ ایک سو مرتبہ سبحان اللہ اور ایک سو مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر چینی پر دم کرے اور یہ چینی دُودھ میں مکس کر کے دُودھ اپنے بچوں کو پلادے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کی اولاد بُرائی اور گناہ کی طرف مائل نہ ہوگی والدین کی تابعدار اور فرمانبردار رہے گی۔ آزمودہ عمل ہے۔

## قناعت پسندی کیلئے

جس کی طبیعت میں قناعت پسندی نہ ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اللہ ربّ العزّت اسے قناعت کی دولت عطا فرمادے تو وہ ہر نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ الحمد للہ ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر اپنے اُوپر دم کرلیا کرے اس عمل پر مداومت رکھے اِن شاء اللہ تعا

Presented by www.ziaraat.com

قناعت کی دولت سے مالا مال ہو گا۔

## غیبت سے چھٹکارا

اگر کوئی بہت زیادہ لوگوں کی غیبت کرتا ہو ہر وقت کسی نہ کسی کی غیبت میں لگا رہتا ہو اور اپنی اس بری عادت کی وجہ سے خود بھی پریشان ہو اور چاہتا ہو کہ اس کی یہ بری عادت چھوٹ جائے تو وہ ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ الحمد للہ اکتالیس مرتبہ سبحان اللہ اور اکتالیس مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے اور پھر اول و آخر درود پاک پڑھتے ہوئے بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کو اپنی بری عادت سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔

## ساس بہو میں اچھے تعلقات

اگر ساس بہو میں اچھے تعلقات نہ ہوں معمولی سی بات پر دونوں کے مابین جھگڑا ہو جاتا ہو تو چاہیئے کہ باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد ایک سو مرتبہ الحمد للہ ایک سو مرتبہ سبحان اللہ اور ایک سو مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی ساس بہو دونوں کو پلا دے چالیس یوم تک روزانہ

Presented by www.ziaraat.com

بلا ناغہ یہ عمل کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ساس اور بہو کے مابین تعلقات خوشگوار ہو جائیں گے اور گھر میں لڑائی جھگڑا نہ ہوگا۔

## انجام بخیر ہو

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کا خاتمہ بالخیر ہو اس کی موت ایمان پر قائم رہتے ہوئے آئے تو وہ ہر نماز کے بعد نہایت توجہ یکسوئی سے ۳۳ مرتبہ الحمد للہ ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر پڑھنے کا معمول بنائے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا انجام اچھا ہوگا اور اس عمل کی برکت سے آخرت میں خوب فائدہ حاصل ہوگا۔

## بہن بھائیوں میں پیار و محبّت کیلئے

جو بہن بھائی آپس میں بلا وجہ لڑتے رہتے ہوں ان کے مابین پیار و محبت بالکل نہ ہو ایک دوسرے کا قطعاً احساس نہ کرتے ہوں تو چالیس یوم تک روزانہ ایک مقررہ وقت پر باوضو حالت میں ۱۲۱ مرتبہ الحمد للہ ۱۲۱ مرتبہ سبحان اللہ اور ۱۲۱ مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کرے اور انہیں کھلا دے تو بہن بھائیوں کے درمیان خوب پیار و محبت پیدا ہو جائے گی اور وہ

Presented by www.ziaraat.com

آپس میں سلوک اور اتفاق سے رہیں گے۔

## قلبی سکون کے لیے

جو بلاوجہ بے چین رہتا ہو قلبی سکون و اطمینان نہ ہو تو وہ نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ الحمدللہ ایک سو گیارہ مرتبہ سبحان اللہ اور ایک سو گیارہ مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے گیارہ یوم تک روزانہ بلاناغہ اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ قلبی سکون حاصل ہوگا ہر وقت کی بے چینی ختم ہو جائے گی۔

## تھکاوٹ نہ ہو

اگر کوئی کام کاج کرنے کی وجہ سے بہت جلد تھک جاتا ہو تو وہ ہر نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ الحمدللہ ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر پڑھنے کا معمول بنائے ہر فرض نماز کے بعد اور سونے سے پہلے ان تسبیحات کو پڑھنا بہت زیادہ فوائد کا باعث ہے چونکہ حضور سرکار مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی پیاری صاحبزادی سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو خادم عطا کرنے

کی بجائے سوتے وقت ان تسبیحات کے پڑھنے کا عمل ارشاد فرمایا تھا اس لیے یہ مجرب و آزمودہ ہے کہ سونے سے قبل ان کو پڑھ لیا جائے ان کے پڑھنے سے ایک طرح کی قوت حاصل ہوتی ہے اور دن بھر کی تھکن دُور ہو جاتی ہے

## قربت اہلبیت کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ آخرت میں اسے قربت اہلبیت نصیب ہو جائے اور وہ اس عظیم سعادت سے بہرہ مند ہو جائے تو وہ روزانہ رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں پانچ سو مرتبہ الحمد للہ پانچ سو مرتبہ سُبحان اللہ اور پانچ سو مرتبہ اللہ اکبر پڑھنے پر مداومت رکھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی دلی مراد پوری ہو گی اللہ رب العزت آخرت میں اسے اہل بیت کی قربت عطا فرمائے گا۔

## لغویات سے بچاؤ

اگر کوئی شخص ہر وقت لغویات بکتا رہتا ہو کسی کے سمجھانے پر بھی اس کی عادت ختم نہ ہوتی ہو تو چالیس یوم تک روزانہ بلا ناغہ باوضو حالت میں ایک سو مرتبہ الحمد للہ ایک سو مرتبہ سُبحان اللہ اور ایک سو مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے اسے کھلا دی جائے تو تھوڑے دنوں

Presented by www.ziaraat.com

میں ہی اس کے اثرات ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے اور تسبیحات فاطمہ کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ اس شخص کو اپنی بری عادت سے چھٹکارا مل جائے گا اور وہ فضول گفتگو کرنے سے بچا رہے گا۔

## زوجین میں مثالی پیار

روزانہ باوضو حالت میں پچاس مرتبہ الحمد للہ پچاس مرتبہ سبحان اللہ اور پچاس مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر چینی پر دم کیا جائے اور یہ چینی دودھ یا چائے میں مکس کر کے دونوں میاں بیوی کو پلا دی جائے ان شاء اللہ تعالیٰ دونوں کے مابین خوب مثالی پیار پیدا ہو جائے گا یہ عمل کم از کم ایک سو بیس یوم تک کیا جائے بفضل باری تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

## رضائے الٰہی کیلئے

اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے حصول کے لیے روزانہ نماز فجر کے بعد پانچ سو مرتبہ الحمد للہ پانچ سو مرتبہ سبحان اللہ اور پانچ سو مرتبہ اللہ اکبر پڑھنے کا معمول بنائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ پروردگار عالم کی رضا و خوشنودی حاصل ہو گی اللہ رب العزت اپنا خصوصی فضل و

Presented by www.ziaraat.com

فضل و کرم نازل فرمائے گا۔

## پریشانی سے نجات

اگر کوئی کسی ایسی پریشانی میں مبتلا ہو کہ جو ذہن پہ بُری طرح سوار ہو گئی ہو تو چاہیئے کہ سات یوم تک روزانہ بلا ناغہ باوضو حالت میں تین سو مرتبہ الحمد للہ تین سو مرتبہ سُبحان اللہ اور تین سو مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں پریشانی کے خاتمے کے لیے دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ جو بھی پریشانی ہو گی اُس کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ مدد فرمائے گا۔

## خاوند راضی ہو جائے

اگر کوئی خاوند اپنی بیوی سے بہت زیادہ خفا ہو کسی طرح راضی نہ ہوتا ہو تو عورت کو چاہیئے کہ وہ باوضو حالت میں ۱۳۴ مرتبہ الحمد للہ ۱۳۴ مرتبہ سُبحان اللہ اور ۱۳۴ مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کرے اور خاوند کو کھلا دے پانچ یوم تک روزانہ یہ عمل کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ خاوند مہربان ہو جائے گا۔ اُس کی ناراضگی ختم ہو جائے گی۔

Presented by www.ziaraat.com

## دِل کی سختی دُور کرنا

جو کوئی ہر نماز کے بعد ۹۹ مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۹۹ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ اور ۹۹ مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ پڑھنے کا معمول بنائے تو بفضلِ باری تعالیٰ اس کی قلبی سختی دُور ہو جائے گی اس کے اندر شفقت و رحم کے جذبات بہت زیادہ پیدا ہو جائیں گے وہ ہر ایک کے ساتھ مہربانی اور شفقت سے پیش آئے گا اس مقصد کے لیے یہ نہایت مجرّب و آزمودہ وظیفہ ہے۔

## ہیجانی کیفیت کا خاتمہ

اگر کسی کی طبیعت میں بہت زیادہ ہیجان ہو جس کی وجہ سے وہ بے چینی محسوس کرتا ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ روزانہ اپنے نام کے اعداد کی تعداد کے مطابق باوضو حالت میں الحمدللہ سبحان اللہ اور اللہ اکبر پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے بفضل باری تعالیٰ طبیعت کی ہیجانی کیفیت کا خاتمہ ہو گا اللہ رب العزت سکون قلبی کی دولت عطا فرمائے گا۔

## فراخی رزق کیلئے

رزق حلال میں اضافے اور وسعت کے لیے روزانہ کاروبار کی جگہ پر بیٹھ

Presented by www.ziaraat.com

کر کام کا آغاز کرنے سے قبل ۵۵ مرتبہ الحمد للہ ۵۵ مرتبہ سبحان اللہ اور ۵۵ مرتبہ اللہ اکبر پڑھ لیا کرے اس کی برکت سے اِن شاء اللہ تعالےٰ رزق حلال میں دِن بدن اضافہ ہو جائے گا۔ رزق کی تنگی نہ رہے گی۔

## مہم میں کامیابی

کسی بھی مہم میں کامیابی کے حصول کی غرض سے مہم پر جانے سے پہلے باوضو حالت میں قبلہ رُخ ہو کر بیٹھے ایک ہزار پانچ مرتبہ الحمد للہ۔ ایک ہزار پانچ مرتبہ سبحان اللہ اور ایک ہزار پانچ مرتبہ اللہ اکبر پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہو کر واپس لوٹے گا کامیابی کے بعد واپس آکر پھر باوضو ہو کر مصلّے پر بیٹھے اور پھر اسی طرح عمل کرے اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل ہو گی۔

## خوف محسوس نہ ہو

جس کو بلا وجہ خوف محسوس ہوتا ہو اور وہ رات کو ڈر جاتا ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں گیارہ مرتبہ الحمد للہ

Presented by www.ziaraat.com

گیارہ مرتبہ سُبحان اللہ اور گیارہ مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر اپنے اُوپر دم کر کے قبلہ رُخ منہ کر کے سو جایا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کا ڈر اور خوف ختم ہو جائے گا بلا وجہ خوف محسوس نہ ہوگا۔

## مشکل میں آسانی

اگر کوئی اچانک کسی مشکل میں پھنس گیا ہو تو وہ پچاس مرتبہ الحمد للہ پچاس مرتبہ سُبحان اللہ اور پچاس مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر بنہایت عاجزی وزاری سے بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے بفضلِ باری تعالیٰ اس کی مشکل آسان ہو جائے گی اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے مشکل سے نکال دے گا۔

## جسمانی اعضاء میں قوّت و چستی کیلئے

جو ہر وقت سُست رہتا ہو اس میں چُستی اور پھُرتی کا فقدان ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد ۹۹ مرتبہ الحمد للہ ۹۹ مرتبہ سُبحان اللہ اور ۹۹ مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر اپنے اُوپر دم کر لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اس کے جسمانی اعضاء میں قوت و چُستی پیدا ہو جائے گی سُستی کی کیفیّت ختم ہو

Presented by www.ziaraat.com

جائے گی۔

## گھر میں خیر و برکت کیلئے

روزانہ صبح نماز فجر کے بعد ۳۱ مرتبہ الحمد للہ ۳۱ مرتبہ سُبحان اللہ اور ۳۱ مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر گھر کے چاروں گوشوں میں دم کر دیا کرے بفضل باری تعالیٰ گھر میں خیر و برکت ہوگی اور گھر کے افراد کو سکون و اطمینان میسر ہوگا۔

## ادائیگی قرض کیلئے

جو قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو اور قرض ادا کرنے کی سکت نہ ہو تو وہ ہر نماز کے بعد ۱۲ مرتبہ الحمد للہ ۱۲ مرتبہ سُبحان اللہ اور ۱۲ مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں اپنی حاجت کے لیے دُعا مانگے ان شاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر قرض کی ادائیگی کا سبب پیدا ہو جائے گا اور بہت جلد اس کا قرض ادا ہو جائے گا۔

## کسی کا محتاج نہ ہو

جو کوئی یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اسے دنیا میں کسی کا محتاج نہ کرے تو وہ روزانہ صبح اٹھ کر ۳۳ مرتبہ الحمد للہ ۳۳ مرتبہ سُبحان اللہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر

Presented by www.ziaraat.com

پڑھنے کا معمول بنالے ان شاء اللہ تعالیٰ کبھی کسی کا محتاج نہ ہوگا اللہ رب العزت اپنا فضل وکرم فرمائے گا۔

## مقدمہ میں کامیابی کیلئے

مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنے کی غرض سے روزانہ نماز مغرب کی اذان سے قبل ایک سو مرتبہ الحمد للہ ایک سو مرتبہ سبحان اللہ اور ایک سو مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے ان شاء اللہ تعالیٰ مقدمے کا فیصلہ اس کے حق میں ہو جائے گا مگر چاہیئے کہ جب تک مقدمے کا فیصلہ نہ ہو تب تک یہ عمل جاری رکھے بفضل باری تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں ضرور کامیابی ہوگی۔

## کنجوسی کی عادت کا خاتمہ

اگر کوئی کنجوسی کی عادت میں مبتلا ہو سخاوت اور خدا ترسی کا جذبہ اس میں اجاگر ہی نہ ہوتا ہو تو چاہیئے کہ چالیس یوم تک روزانہ باوضو حالت میں ۱۰۱ مرتبہ الحمد للہ ۱۰۱ مرتبہ سبحان اللہ اور ۱۰۱ مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر پانی پر یا کسی میٹھی چیز پر دم کر کے اسے کھلا

Presented by www.ziaraat.com

دیا کرے تو اِن شاء اللہ تعالیٰ رفتہ رفتہ اس کی کنجوسی کی عادت ختم ہو جائے گی۔

## عزّت ومرتبہ کیلئے

عزّت و مرتبہ میں اضافے کے لیے ہر نماز کے بعد ۱۱۱ مرتبہ الحمد للہ ۱۱۱ مرتبہ سبحان اللہ اور ۱۱۱ مرتبہ اللہ اکبر پڑھ کر اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے بارگاہِ الٰہی میں دُعا مانگے روزانہ اس عمل پر مداومت رکھے اللہ تعالیٰ اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا اور اس کی عزّت و مرتبہ میں زیادتی عطا فرمائے گا۔

## غلط فہمی کا خاتمہ

اگر کوئی کسی غلط فہمی کی وجہ سے ناراض ہو گیا ہو تو چاہیئے کہ سات یوم تک روزانہ بلا ناغہ ۳۱۳ مرتبہ الحمد للہ ۳۱۳ مرتبہ سبحان اللہ اور اللہ اکبر پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دُعا مانگے اور پانی پر دم کر کے یا کسی کھانے والی چیز پر دم کر کے ناراض ہونے والے کو کھلا دے اِن شاء اللہ تعالےٰ اُس کے دل سے غلط فہمی دُور ہو جائے گی اور وہ اپنی ناراضگی ختم

Presented by www.ziaraat.com

کر دے گا۔

## عذابِ قبر سے نجات

جو کوئی روزانہ نماز عصر کے بعد ۱۰۱۴ مرتبہ الحمدللہ ۱۰۱۴ مرتبہ سبحان اللہ اور ۱۰۱۴ مرتبہ اللہ اکبر پڑھنے کا معمول بنالے تو بفضلِ باری تعالیٰ اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ اسے مرنے کے بعد قبر کی سختی اور تکلیف سے خلاصی عطا فرمائے گا اور اس پر اپنا خاص فضل و کرم فرمائے گا۔

Presented by www.ziaraat.com

# نادِ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَادِ عَلِیًّا مَظْہَرَ الْعَجَائِبْ تَجِدْہُ عَوْنًا

لَّکَ فِی النَّوَائِبْ کُلُّ ھَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ

بِعَظْمَتِکَ یَا اللّٰہُ وَبِنُبُوَّتِکَ یَارَسُوْلَ

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَبِوَلَایَتِکَ یَا عَلِیُّ

یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ

## نادِ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا طریقہ دعوت

ہر طرح کی مشکل اور پریشانی کے خاتمے کے لیے اور جائز حاجت روائی کے لیے

نادِ علی کا وِرد کرنا کامیابی کی نوید ہے وظیفہ کے فوری اثرات کے لیے ضروری

Presented by www.ziaraat.com

سے پہلے ستر مرتبہ پڑھے اور جب اس کے سامنے جائے تو تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے اِن شاءاللہ تعالیٰ حاکم نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

## مال و دولت کی واپسی

اگر کسی کا مال و دولت چھن گیا ہو تو روزانہ فجر کی نماز کے بعد پچیس مرتبہ پڑھے اِن شاءاللہ تعالیٰ دولت کی واپسی ہوگی۔

## مصیبت سے نجات

مصیبت سے جلد نجات کی غرض سے روزانہ ستر مرتبہ پڑھے اِن شاءاللہ تعالیٰ مصیبت سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔

## زبان بندی کیلئے

دشمن کی زبان بندی کرنا مقصود ہو تو دس یوم تک بلا ناغہ ایک سو مرتبہ عصر کی نماز کے بعد پڑھے۔

## محتاجی دور ہوجائے

ہر طرح کی محتاجی و مفلسی کے خاتمے کے لئے نماز فجر کے بعد بغیر کسی سے

Presented by www.ziaraat.com

کوئی بات کیے ۹۹ مرتبہ پڑھے۔

## دشمن کے شر سے بچاؤ

اگر کسی کو دشمن کی طرف سے نقصان پہنچائے جانے کا ڈر ہو تو پاک صاف مٹی پر سات مرتبہ پڑھ کر دشمن کی طرف پھینکے اِن شاء اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

## مرض کا خاتمہ

ہر طرح کی بیماری میں ستر مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائے اس کے علاوہ مریض خود بھی ستر بار پڑھے اور اپنے اُوپر دم کرے اگر مریض خود نہ پڑھ سکے تو پھر کوئی دوسرا پڑھ کر دم کرے۔

## دشمن بھاگ جائے

ظالم دشمن کو بھگانے کی غرض سے تیس ۳۰ یوم تک بلاناغہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھے۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ دشمن بھاگنے پر مجبور ہو گا۔

## دشمن کی ہلاکت

Presented by www.ziaraat.com

ایسا دشمن جو جانی نقصان کے درپے رہتا ہو اور کسی بھی طرح باز نہ آتا ہو تو ستر یوم تک بلاناغہ نماز عشاء کے بعد سات ہزار مرتبہ پڑھے۔ ہلاکت دشمن کے لیے تیر بہدف عمل ہے۔

## دولت حاصل ہو

غربت کے خاتمے اور دولت کے حصول کی غرض سے روزانہ بلاناغہ نماز فجر کے بعد ۴۴ مرتبہ پڑھے۔ غربت کا خاتمہ ہو جائے گا۔ مجرّب و آزمودہ ہے۔

## چشم خلائق میں مقبول ہونا

جو کوئی چشم خلائق میں مقبول ہونے کا خواہاں ہو وہ ہر جمعہ کو نماز فجر کے بعد ۴ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت پیدا ہو جائے گی۔

## عہدہ میں ترقی کیلئے

عہدہ میں ترقی کے لیے روزانہ پانچ سو مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ عنقریب ترقی ہو جائے گی۔

## دشمن کی نگاہوں سے پوشیدہ ہونا

Presented by www.ziaraat.com

دشمن کی نگاہوں سے پوشیدہ رہنے کے لیے روزانہ بیس (۲۰) مرتبہ پڑھے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

## حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت کیلئے

عشاء کی نماز کے بعد سونے سے قبل باوضو حالت میں بارہ ہزار مرتبہ اس طرح سے نادِ علی پڑھے کہ اوّل و آخر درود پاک تین تین مرتبہ پڑھے سات شب تک روزانہ بلاناغہ پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ خواب میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت کی سعادت حاصل ہوگی۔

## غلط الزام سے برّیت

اگر کسی پر کوئی غلط الزام لگا دیا گیا ہو تو وہ روزانہ نماز فجر کے بعد چالیس مرتبہ نادِ علی پڑھے ان شاء اللہ تعالےٰ غلط الزام سے بری ہو جائے گا۔

## زہر کے اثرات ختم

زہر کے اثر کو زائل کرنے کی غرض سے چینی کی پلیٹ پر نادِ علی لکھے اور پانی سے دھو کر اس پر بارہ مرتبہ نادِ علی پڑھ کر دم کرے اور پھر یہ پانی پلائے

Presented by www.ziaraat.com

ان شاء اللہ تعالیٰ زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

## نااتفاقی پیدا کرنا

دو بد کردار افراد کے مابین نااتفاقی پیدا کرنے کی غرض سے روزانہ پچیس مرتبہ بیس یوم تک پڑھے اگر مطلوبہ مقصد میں کامیابی نہ ہو تو پھر نئے سرے سے روزانہ پچاس مرتبہ ایک ماہ تک پڑھے۔

## جادو کا خاتمہ

جادو کے اثرات کے خاتمہ کے لیے کنویں کے پانی پر سات مرتبہ نادِ علی پڑھ کر دم کرے اور اس پانی سے سحر زدہ کو غسل کرائے اور تھوڑا سا پانی پلائے۔

## خط کا جواب آ جائے

اگر کسی جانب سے خط کا جواب نہ آتا ہو تو نماز عشاء سے پہلے اس طرف منہ کر کے ۶۵ مرتبہ پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ تین دن میں ہی مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

Presented by www.ziaraat.com

## پیغام قبول ہو جائے

اگر کوئی کسی جگہ پیغام بھیجنا چاہتا ہے اور اسے خدشہ ہے کہ اس کا پیغام قبول ہوگا یا نہیں تو پیغام رساں کے کان میں چپکے سے تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ وہ کامیاب واپس لوٹے گا۔

## خوف کا خاتمہ

خوف کے خاتمے اور دلیری و بہادری کے حصول کے لیے روزانہ نماز عصر کے بعد پچیس مرتبہ پڑھے۔

## امتحان میں کامیابی

امتحان میں کامیابی کی غرض سے روزانہ نماز فجر کے بعد چالیس مرتبہ نادِ علی پڑھے

## رزق میں اضافہ

رزق حلال میں اضافے کے لیے نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد بارہ بارہ مرتبہ نادِ علی پڑھے۔

## کرایہ دار مکان خالی کر دے

Presented by www.ziaraat.com

جو کرایہ دار مکان یا دکان خالی نہ کرتا ہو روزانہ بلاناغہ نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد تیس تیس مرتبہ نادِ علی پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ کرایہ دار راہِ فرار اختیار کرے گا۔

## میاں بیوی میں محبّت

میاں بیوی کے مابین محبت شدیدہ پیدا کرنے کی غرض سے کسی میٹھی چیز پر سات سو مرتبہ پڑھ کر دم کر کے دونوں کو کھلا دی جائے۔

## دشمن مقہور ہوں

اگر کوئی دشمنوں کے مابین گرفتار ہو گیا ہو تو سات مرتبہ پڑھ کر ان کی طرف پھونکے اِن شاء اللہ تعالیٰ دشمن مقہور ہوں گے۔

## خوف کا خاتمہ

اگر کسی کو کسی سے خوف محسوس ہوتا ہو تو سات مرتبہ پڑھ کر اس کی طرف دم کرے ان شاء اللہ تعالےٰ خوف دُور ہو جائے گا۔

## سحر کا خاتمہ

جس کسی پر سحر کیا گیا ہو اور خلاصی نہ ہوتی ہو تو سات مرتبہ پڑھ کر پانی

Presented by www.ziaraat.com

پر دم کرے اور اس پانی سے غسل کرے ان شاء اللہ تعالیٰ سحر کا اثر جاتا رہے گا۔

## مراد پوری ہو

کسی خاص اور جائز مراد کے حصول کی غرض سے روزانہ پندرہ مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ وہ مراد پوری ہوگی۔

## محبوس کی رہائی

محبوس کی جلد رہائی کی غرض سے بکثرت پڑھے تو بفضلِ باری تعالیٰ محبوس جلد رہا ہو جائے گا۔

## حاسد نقصان نہ پہنچائیں

حاسدوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے روزانہ بیس مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ حاسدوں سے بے خوف ہو جائے گا

## دشمن کا خوف نہ رہے

اگر کسی کو دشمن سے خوف محسوس ہوتا ہے تو چالیس یوم تک روزانہ ۲۷ مرتبہ

Presented by www.ziaraat.com

پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن کا خوف نہ رہے گا۔

## لا علاج مرض سے شفاء

اگر کسی کی بیماری سے اطباء عاجز آ گئے ہوں اور کسی طرح مرض دُور نہ ہوتا ہو تو ستّر مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلا دے اِن شاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہو گی۔

## مہم میں کامیابی

اگر کسی کو کوئی مہم پیش آ گئی ہو اور بہت دشواری محسوس ہوتی ہو تو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر مہم پر جائے اِن شاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہو گی۔

## غیبی امداد

مروی ہے کہ ایک بزرگ حضرت شیخ محمد سعید چشتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جو کہ شہر قصور شریف کے رہنے والے تھے ان کا ذریعہ معاش یہ تھا کہ وہ ارد گرد کے دیہات سے غلّہ خریدتے اور بیل پر لاد کر لاہور لے آتے لاہور پہنچ کر فروخت کر دیتے تھے۔ ایک دفعہ دوسرے بیوپاریوں کے ساتھ لاہور کی طرف

Presented by www.ziaraat.com

روانہ ہوئے۔ جب دریائے راوی عبور کر کے موضع نیاز بیگ کے قریب پہنچے تو
بیل کا پاؤں پھسل کر ٹوٹ گیا اور غلہ دان زمین پر آ گرا۔ آپ نے سوچا اندھیرا ہو گیا تو
سکھ جو مغلیہ سلطنت کی کمزوری کی وجہ سے بے باک ہو کر لوٹ مار کرتے تھے آ
پڑیں گے۔ ۴ انھوں نے یہ بات نہ مانی اور شیخ محمد سعید کو چھوڑ کر چل دیئے اور آپ
بے یار و مددگار رہ گئے۔ ناچار اسی بیابان میں ٹھہرنے کا ارادہ کر لیا اور رات کی
تاریکی اس قدر تھی کہ ہاتھ کو ہاتھ دکھائی نہیں دیتا تھا اور یہ سیاہ رات آپ پہ
پہاڑ کی طرح آ پڑی۔ اور آپ نے بارگاہِ ایزدی میں سر بسجود ہو کر نادِ علی کا ورد
شروع کیا۔ اسی حالت میں آدھی رات گزر گئی۔ ناگاہ دور سے ایک گھڑ سوار
ظاہر ہوا۔ نزدیک آ کر اس نے کہا، تو کون ہے جو اس ویرانہ میں سیاہ رات
میں پڑا ہے میرے پاس اپنا غلہ اٹھا لا۔ محمد سعید نے خیال کیا کہ یہ شخص کوئی
لٹیرا ہے جو مجھے لوٹنے آ گیا ہے۔ پس جواباً کہا کہ میں ایک غریب مزدور آدمی
ہوں نام سعید ہے کوئی زرِ نقد پاس نہیں۔ غلہ کی ایک بوری اور یہ شکستہ پا بیل
ہے۔ سوار نے کہا بوری میرے پاس اٹھا لا۔ آپ نے کہا کہ میں اٹھا نہیں سکتا اور
بیل لنگڑا ہے فرمایا لنگڑا نہیں تندرست ہے۔ عرض کیا لنگڑا ہے اس وجہ
سے تو میں یہاں پڑا ہوں اور میرے ہمراہی لاہور پہنچ گئے ہیں اور میں اس جگہ کوئی
اپنا بیگانہ پاس نہ ہونے کی وجہ سے تنہا ہوں۔ فرمایا بیل کو کھڑا

۴ ساتھیوں سے کہا کہ مجھے اکیلا نہ چھوڑو

کرو تاکہ تجھے معلوم ہو کہ اس کا پاؤں درست ہے۔ جب محمد سعید نے بیل کو کھڑا کیا تو اس کے پاؤں کو صحیح و سلامت پایا۔ جان لیا کہ یہ غیبی مدد ہے اور یہ شخص رہزن نہیں بلکہ راہنما ہے۔ پھر عرض کیا کہ گندم کی بوری بھاری ہے میں تنہا اُٹھا نہیں سکتا۔ یہ سُن کر گھوڑے کا سوار زیادہ نزدیک آیا اور اپنے نیزے کی نوک سے بوری اٹھانے میں مدد کی۔ اسی وقت بوری پھول کی پتی کی طرح ہلکی ہو گئی۔ محمد سعید کی جب بخت و سعادت نے یاوری کی تو اچھل کر سوار کے قدم مبارک پکڑ لیے اور عرض کیا کہ بندہ زیارت سے تو مستفید ہو گیا ہے اب میں چاہتا ہوں کہ آنجناب کے اسم گرامی سے بھی آگاہ اور دُنیا و مافیہا سے بے پرواہ ہو جاؤں فرمایا تجھے اس سے کیا کام۔ جا اپنا راستہ لے محمد سعید نے بڑے تضرع اور الحاح سے کام لیا تو فرمایا کہ میرا نام اسد اللہ الغالب علی ابن طالب ہے، کہ اللہ کے حکم سے تیری امداد کو پہنچا ہوں اور جا تجھے خدا تک پہنچا دیا۔ یہ فرمایا اور آنکھوں سے غائب ہو گئے۔ پس محمد سعید شرقپور آئے اور تمام مال راہِ خدا میں ایثار کر دیا۔ اور ریاضت و عبادت میں مشغول ہو گئے اور سلسلہ عالیہ چشتیہ صابریہ کی ارادت اختیار کر کے مقبول الٰہی ہو گئے اور آپ سے بہت سی کرامات کا ظہور ہوا۔

آمدم برسر مطلب۔

نادِ علی اگلے صفحہ پر

Presented by www.ziaraat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نادِ علیاً مظہر العجائب تجدہ عوناً لک فی النوائب

لی الی اللہ حاجۃ من کل ہم و غم سینجلی بعظمتک

یا اللہ یا اللہ یا اللہ بنبوتک یا محمد یا محمد

یا محمد و بولایتک یا علی یا علی یا علی اغثنی

اغثنی اغثنی یا علی یا علی یا علی ادرکنی

بمحمد او امدد فی سبیل اللہ

ترکیب اس کی یہ ہے کہ بعد از نمازِ مغرب کسی ندی کے کنارے یا ویرانہ یا حجرہ میں بیٹھ کر سیدنا امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی مثالی صورت کا تصور قائم کر کے یعنی موجود با لوجود جذبہ و تکرار سے پڑھیں۔ دورانِ ورد خیال اور توجہ کو نیت پر قائم رکھیں۔ اور تا حصول مراد اس کا ورد کرتے رہیں۔ جب مقصد بر آئے تو حسب توفیق شیرینی پھل یا طعام پر ختم شریف پڑھ کر اس کا ثواب امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے حضور ہلک کریں اور طعام وغیرہ مساکین میں تقسیم کر دیں۔

(آئینہ وحدت)

Presented by www.ziaraat.com

# حضرت بو علی قلندر پانی پتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا معمول

حضرت شاہ شرف الدین بو علی قلندر پانی پتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا یہ معمول تھا آپ قصبہ چنیوٹ کے قریب دریائے چناب کے کنارے پتھر کی چٹان پر آسن جمائے ہوئے تھے۔ دورانِ ورد آپ پر سکر کی کیفیت طاری ہو گئی۔ جب آپ صحو میں آئے تو اپنے آپ کو دریائے سے باہر خشکی پر پایا اور دیکھا تو پاس ہی سید الاولیاء امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ تشریف فرما ہیں اور سید الاولیاء نے شاہ شرف الدین کو فیضیاب فرما کر مخلوقِ خدا کو خدا کی طرف بلانے کا حکم دیا اس دن کے بعد شاہ شرف الدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جب کلام کرتے تو ان کے کلام سے سید الاولیاء امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے سے رموز و حقائق عیاں ہوتے اسی لیے آپ کو بو علی کے لقب سے پکارا جاتا ہے اور آپ کا تاحیات یہ ذکر معمول رہا۔

Presented by www.ziaraat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَادِ عَلِیًّا مَظۡهَرَ الۡعَجَائِبِ تَجِدۡهُ عَوۡنًا لَّكَ فِی النَّوَائِبِ

کُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنۡجَلِیۡ یَا اللّٰهُ یَا اللّٰهُ یَا اللّٰهُ

یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ

اَدۡرِکۡنِیۡ یَا رَسُوۡلَ اللّٰهِ وَشَفَاعَتُكَ وَوِلَایَتُكَ یَا

غَوۡثَ اَعۡظَم دَسۡتَگِیۡر اَغِثۡنِیۡ اَغِثۡنِیۡ اَغِثۡنِیۡ وَمَدَدۡ

فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰهِ ۝

ترکیب اس کی یہ ہے بعد از نماز مغرب کسی ندی کے کنارے یا ویرانہ یا حجرہ میں جہاں شور و غل نہ ہو چار رکعت نوافل پڑھیں اور ان نوافل کا ثواب امام اولیاء حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے حضور ہدیہ کریں۔ اس کے بعد سید الاولیاء امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی مثالی صورت کا تصور قائم کر کے خیال اور توجہ کو مدعا پر مرکوز کر کے اس کا ورد کریں۔ جب غلبۂ حال طاری ہو تو سربسجود ہو کر حاجت روائی کی دعا مانگیں اور تا حصول مدعا اس کا ورد جاری رکھیں۔ (آئینۂ وحدت)

Presented by www.ziaraat.com

# مندرہ شریف

## حضرت علی کرم اللہ وجہہ

یہ مندرہ شریف حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منسوب ہے۔ جو کہ مقام خاص سے تعلق رکھتا ہے اس مندرہ شریف کو بعد نماز فجر روزانہ تین مرتبہ پڑھے۔ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ ضم کرے۔ اگر عمل کے طور پر کرنا ہو تو اکتالیس مرتبہ روزانہ نوچندی جمعرات یا نوچندہ اتوار سے شروع کریں۔ شروع کرنے سے پہلے پاکیزہ اور صاف لباس پہنیں۔ باوضو ہو کر جسم پر خوشبو کا استعمال کریں اور سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے گرد حصار کریں۔ پھر اس عمل کو شروع کریں۔ دورانِ عمل بدبودار اشیاء ر بڑا گوشت وغیرہ اور صحبت عورت سے پرہیز کریں۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اگر کسی مریض پر تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں تو مرض سلب ہو جائے گا۔ اگر کسی عامل سفلی کا خیال رکھ کر تین مرتبہ پڑھ کر پھونک ماریں تو اس کا عمل سلب ہو جائے گا۔ مؤکلات۔ آسیب۔ جن۔ پری۔ بھوت مسان۔ جادو۔ سحر۔ ٹونہ ہر قسم۔ پری کی نظر وغیرہ کو حاضرات کرنے کے لیے اور

Presented by www.ziaraat.com

زائل کرنے کے لیے تریاق اعظم ہے قوائے اثر ہوگا۔ اسم ذات کی توجہ دے کر اس مندرہ شریف کا دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر معاملہ میں کامیابی ہوگی۔ نا اہل کو اس کے عمل کی قطعاً اجازت نہیں ہے۔ اگر کسی نے یہ عمل کرنا ہو تو سب سے پہلے اپنے پیر و مرشد سے اجازت حاصل کر کے اس عمل کو کرے نہایت مجرب عمل ہے۔

ہر مرض کا شافی علاج اس میں مضمر ہے علاوہ ازیں بندش کا عمل بھی کامیابی سے ہوتا ہے۔ اس کا عامل ہر طرح کی بیماریوں کا فوری اور مستقل شافی علاج کر سکتا ہے، سحر، جادو، آسیب، نظر بد اور جنات کے اثرات میں مبتلا شخص پر اگر ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے تو بفضل باری تعالیٰ فوری طور پر آرام آجائے گا۔

## چلّہ کبیر

مندرہ کا عامل ہونے کی غرض سے چلّہ کبیر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پاک صاف حالت میں مسلمانوں کے قبرستان میں جا کر اس طرح بیٹھے کہ اپنے گرد حصار کھینچ لے اکتالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ اکتالیس مرتبہ پڑھے اس کے بعد دوسرا چلّہ اس طرح سے پورا کرے کہ عیسائیوں کے قبرستان میں جا کر اسی طرح اکتالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ اکتالیس مرتبہ

Presented by www.ziaraat.com

پڑھے پھر تیسرے چلّے کی غرض سے ہندوؤں کے شمشان گھاٹ میں بیٹھ کر اسی طرح روزانہ اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ اس بات کا دھیان رہے کہ عمل کے دوران اگر خوف یا ڈر محسوس ہو تو ہرگز نہ گھبرائے اپنے دل کو مضبوط رکھے کیونکہ جو کچھ بھی ہوگا وہ حصار کے باہر ہی ہوگا حصار کے اندر کچھ نہیں ہوگا۔

## چلہ صغیر

اگر کوئی چلّہ کبیر کرنے کی سکت نہ رکھتا ہو تو پھر وہ چلّہ صغیر کر لیا کرے جس کا طریقہ یہ ہے کہ ہر چاند گرہن کے وقت پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ عامل ہو جائے گا اس کے بعد کسی بھی بیمار پر ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے گا تو بفضل باری تعالیٰ اسے شفا حاصل ہو جائے گی تمام امراض خبیثہ سے نجات اس کے دم کرنے سے ہو جاتی ہے اگر اس کا تعویذ بنا کر دینا مقصود ہو تو سات رنگوں کے دھاگے لے کر اس پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر گیارہ گرہیں لگائے اور مریض کے گلے میں پہنائے۔ بندش کا یہ کامیاب عمل ہے۔ اس سے جنات قید کیے جا سکتے ہیں۔ بخار چڑھنا بند ہو جاتا ہے۔ سانپ کا زہر چڑھنا بند ہو جاتا ہے اس سے چھ راگ اور چھتیس راگنیاں بھی بندھ جاتی ہیں یعنی کوئی شخص نہ ہی ساز بجا سکتا ہے اور نہ ہی گا سکتا ہے کالے علم کا اثر بھی باندھا جا سکتا ہے ہر طرح کے ہتھیار بھی بندھ جاتے ہیں

Presented by www.ziaraat.com

اوران ہتھیاروں کے اثرات کو باندھ دیا جاتا ہے جسم پر ان کا کوئی وار کارگر نہیں ہوسکتا غرضیکہ مندرا کا عامل انسانی بھلائی کے بہت سے کاموں پر بفضل باری تعالیٰ قادر ہوجاتا ہے۔

## مندر شریف یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مندرہ مردان شاہ علی کا ہے دھنک کھینچ باندھ مار

تو علی شاہ شرف کے لیے جلد نشان مار

پکڑ سید احمد کبیر کا زنجیر تان مار

استاد گورو کی دھیرے سب کے اوسان مار

جنات کی دم لپیٹ کر بھیروں کے کان مار

گر گیان کی پتی سیتی جادوں گراں تمام

اڑتے ہیں کچے مسان کیتی سے رام رام

نازل ہوا عجب کا میل مرشد کی لب جام

جن پری کا دیو حاضر ہدے مدام

Presented by www.ziaraat.com

ہنومان ناہر سنگھ کا زور تان مار

جنات پکڑ قید کروں گا ہر روز صبح و شام　　میں بھی ایک اسم ہوں مندرہ ہے میرا نام
فرمایا ہے حضرت علی نے مجھ کو یہ کلام　　سب بھوت جن بھاگ جائیں گے سن کے پاک نام
ظالم کرے گا سامنا بازی کو جاوے ہار　　مندرے کا اسم پڑھ کر جان سے دوں گا مار
مندرے کا اسم پڑھ کر کروں قید سب بھگت　　نانک تے بڑے مچھندر گورکھ میں کیا سکت
زنجیر ٹھوک ڈالوں کروں قید سب جگت　　کیا کرے بیچارہ سورما پھسیا سورہ پت

ہر گھت گھیا رنگنی کے ہوش اوسان مار

پکڑ بیوراون کو جو سیس رکھتا ہے دس　　ماروا رجن پانڈو کو بھیم جو بُت پرست
کر پر یار ٹھوکر جائے زمیں میں دھس　　مندرے کی ضرب کھا کر کدھر جائیں گے نس

سیتا رام لچھمن کو پکڑ پچھاڑ مار

جمنا ندی کی لہر باندھ گنگا کا نشان باندھ　　دھوتی سے پرنہ باندھ قبطی کی زبان باندھ
جتی ستی پتی ہی مڑھی اور مسان باندھ　　ڈھا کر دیس بنگار سارے جادو کی سب کان باندھ

چودان وید ودیا کی عقل اور اوسان مار

تیر اور کمان باندھو تبر اور کٹار باندھ　　گولی تفنگ باندھ کر خنجر اور کٹار باندھ
برچھی فرنگ لبار کا سیلا چرنے پٹے کی دھار باندھ　　توپ اور بندوق باندھ اور سب اوزار باندھ

قبطی سیتی چھپ کر قبطی اور کتان مار

Presented by www.ziaraat.com

پون کو باندھ پانی سے پرلب کی سب کی دستار باندھ — ارباب تنبورہ ڈھولکی جنتر کی سب تار باندھ
طلسم کے باندھوں گھوڑے مار مونگا اور زنار باندھ — شام کو مسانی باندھ سہرڑو جیہی نار باندھ

کیا ہاک دیا کیا مندرے دے زبان مار

ندی کو باندھ نالے سے دریا کی موج لہر باندھ — کونے سے باندھ کوٹ کا جادو اور سحر باندھ
جنتر منتر باندھ سارے سپ ٹھوہاں کی زہر باندھ — سید برہمن پکڑ کر منگوروں کو دوان مار
ناردن مانگ کو باندھ سبز پھول باغ کو — مچھر کو باندھ ڈنگ سے سولاں ٹری ناگ کو
مستی وندرن کی زہر باندھ پانی سے باندھ آگ کو — چور راستے سے چور اہا باندھ پکڑ بیر ڈرک کو

بھوتنا چڑیل چیڑ اسپ کا نشان مار

جل جوبن پتال باندھوں جل جوبن آکاش — چوسٹھ جوگن کو باندھے گرد آس پاس
سول سنگ لول سنگ جو نجا سیروں کے ارشاس — مندرے سے پکڑ باندھ کر جنات سوالاکھ

ٹھوک زنجیر لاحول کا ملحد شیطان مار

چل و فع ہو یہاں سے ڈیرہ ابھی اکھیڑ — نہیں مندرے کا اسم پڑھ کر پھوک دوں گا پھیر
مدد میری کو پہنچے گے مردان علی شیر ! — ہر ایسا تھپٹر لگادوں منہ دیون گے پھیر

جناب سبھی قوم کی چھوڑوں گا جان مار

لگا اور لگایا باندھ مڑھی اور مسان کو — جادو اور سحر کو باندھ ابلیس اور شیطان کو

نظر اور پیار کو باندھ پری کے دھیان کو — کل بلا آفت کو باندھ پڑھ کر آیت قرآن کو

چڑھے شہنشاہ بولے نقیب

نصر من اللہ وفتح قریبؕ وبشر المؤمنین

فا اللہ خیر الحافظ۔ حافظ حافظ

# عاشورہ کا دِن اور رات

دس محرم الحرام کا دن بہت ہی زیادہ فضیلت و برکت والا دن ہے اور دس محرم الحرام یعنی عاشورہ کے دِن کے ساتھ بہت سی باتیں مخصوص ہیں۔

۱۔ اسی دن حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا گیا اور اسی دن ان کی توبہ قبول ہوئی۔

۲۔ اسی دن عرش، کرسی، آسمان، زمین، سورج اور چاند ستارے اور جنّت پیدا کیے گئے۔

۳۔ اسی دن حضرت ابراہیم علیہ السلام پیدا ہوئے۔ اسی دن انہیں آگ سے نجات ملی۔

۴۔ اسی دن حضرت موسیٰ علیہ السلام اور آپ کی اُمت کو نجات ملی اور فرعون اپنی قوم سمیت غرق ہوا۔

۵۔ اسی دن حضرت عیسیٰ علیہ السلام پیدا کیے گئے۔

Presented by www.ziaraat.com

۶۔ اسی دن آسمانوں کی طرف اٹھایا گیا۔

۷۔ اسی دن حضرت ادریس علیہ السلام کو مقام بلند کی طرف اٹھایا گیا۔

۸۔ اسی دن حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کوہ جودی پر ٹھہری۔

۹۔ اسی دن حضرت سلیمان علیہ السلام کو ملک عظیم عطا کیا گیا۔

۱۰۔ اسی دن حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ سے نکالے گئے۔

۱۱ اسی دن حضرت یعقوب علیہ السلام کی بینائی لوٹائی گئی۔

۱۲ اسی دن حضرت یوسف علیہ السلام گہرے کنویں سے نکالے گئے۔

۱۳ اسی دن حضرت ایوب علیہ السلام کی تکلیف رفع کی گئی۔ آسمان سے زمین پر سب سے پہلی بارش اسی دن نازل ہوئی۔

۱۴ اسی دن حضرت داؤد علیہ السلام کو تاج بخشا گیا۔

۱۵ اسی دن حضرت داؤد علیہ السلام کو جن و انس پر حکومت عطا ہوئی۔

## وسعت و برکت

عاشورہ کے دن کی فضیلت کے بارے میں ایک روایت یہ ہے کہ جس نے عاشورہ کے دن اپنے گھر والوں اور اہل و عیال پر وسعت کی تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے سارے سال وسعت اور برکت عطا فرماتا ہے۔ (بیہقی)

## عاشورہ کے دن

جو کوئی عاشورہ کے دن چھ رکعت نفل اس طرح سے پڑھے کہ ہر

Presented by www.ziaraat.com

رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک ایک مرتبہ سورۂ والشمس، سورۂ والضحیٰ، سورۂ اذا زلزلت، سورۂ اخلاص اور معوذتین پڑھے یہ نفل نماز اشراق کے وقت پڑھے اور پڑھنے کے بعد سجدہ میں جا کر سات مرتبہ سورۂ کافرون پڑھے اور جو بھی اپنی جائز حاجت ہو اس کے لیے دعا مانگے پھر یہ دعا مانگے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِمَّنْ دَعَاكَ فَاَجَبْتَهٗ وَاٰمَنَ بِكَ فَهَدَيْتَهٗ وَرَغِبَ اِلَيْكَ فَاَعْطَيْتَهٗ وَتَوَكَّلَ عَلَيْكَ فَكَفَيْتَهٗ وَاقْتَرَبَ مِنْهُمْ فَاَدْنَيْتَهٗ اَللّٰهُمَّ امْدُدْ بِعَيْشِیْ فِی الْحَيٰوةِ مَدًّا وَّاجْعَلْ لِیْ فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ وُدًّا اَللّٰهُمَّ اَسْئَلُكَ الْاِيْمَانَ بِكَ وَاَسْئَلُكَ الْفَضْلَ مِنَ الرِّزْقِ وَاَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ مِنَ الْبَلَايَا وَاَسْئَلُكَ حُسْنَ الْعَافِيَةِ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ؕ

انشاء اللہ تعالیٰ جو بھی حاجت ہوگی وہ ضرور پوری ہوگی۔

## دو نفل :-

جو کوئی عاشورہ کے دن چاشت کے وقت دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی

Presented by www.ziaraat.com

اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ حشر کی آخری آیات لوانزلنا سے آخر سورۃ تک پڑھے پھر سلام پھیرنے کے بعد گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر سلام پھیرنے کے بعد گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر ایک مرتبہ یہ دعا نہایت توجہ و یکسوئی سے پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا اَوَّلَ الْاَوَّلِیْنَ وَیَا اٰخِرَ الْاٰخِرِیْنَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَ مَا خَلَقْتَ فِیْ مِثْلِ ھٰذَا الْیَوْمِ وَتَخْلُقُ اٰخِرَ مَا تَخْلُقُ فِیْ مِثْلِ ھٰذَا الْیَوْمِ اَعْطِنِیْ فِیْہِ خَیْرَ مَا اَوْلَیْتَ فِیْہِ اَنْبِیَاءَکَ وَاَوْلِیَائَکَ وَاَصْفِیَاءَکَ مِنْ ثَوَابِ الْبَلَایَا وَاَسْھِمْ لِیْ مِثْلَ مَا اَعْطَیْتَھُمْ فِیْہِ مِنَ الْکَرَامَۃِ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

بفضل باری تعالیٰ اس نفل نماز اور دعا کی برکت سے بے پناہ ثواب حاصل ہوگا۔

## دعا و وظائف

جو کوئی عاشورہ کے دن نماز عصر کے بعد نہایت توجہ اور یکسوئی کے ساتھ

Presented by www.ziaraat.com

ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ کر اپنی حاجت کے لیے اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ اُس کی دُعا ضرور قبول ہو گی اور جلد ہی اُس کی حاجت بھی پوری ہو گی۔ دُعا یہ ہے۔

اِلٰهِی بِحُرْمَةِ الْحُسَیْنِ وَاَخِیْهِ وَاُمِّهٖ وَاَبِیْهِ وَجَدِّهٖ وَبَنِیْهِ فَرِّجْ عَمَّا اَنَا فِیْهِ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔

## گناہوں کی معافی

جو کوئی عاشورہ کے دن باوضو حالت میں ستّر مرتبہ یہ پڑھے۔

حَسْبِیَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ

تو اللہ تعالیٰ اُس کے گناہوں کی معافی عطا فرمائے گا۔

## بُرائی سے بچنے کی توفیق

جو کوئی عاشورہ کے دن باوضو حالت میں ایک سو مرتبہ ذیل میں دیئے

Presented by www.ziaraat.com

ہوئے کلمات اس طرح پڑھے کہ اوّل و آخر درود پاک پڑھے تو انشاء اللہ تعالےٰ اس کے گناہوں کی بخشش ہوگی اور اللہ تعالیٰ اس کو نیکی کے کاموں کے کرنے اور برائی سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے گا۔ کلمات یہ ہیں۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

## جملہ آفات و بلیّات سے بچاؤ

جو کوئی عاشورہ کے دن ذیل میں دی ہوئی دعا سات مرتبہ پڑھے گا تو بفضل باری تعالیٰ سارا سال جملہ آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا اور اس سال موت کا حملہ بھی اس پر نہ ہوگا اور جس سال اس کی موت ہوگی اس دعا کو پڑھنے کی توفیق نہ ہوگی۔ دعا یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ مِلْاءَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَہَی الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضٰی وَزِنَۃَ الْعَرْشِ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَاَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ سُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَعَدَدَ

كَلِمَاتِهِ التَّامَّاتِ وَاسْئَلُكَ السَّلَامَةَ كُلَّهَا
بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَحَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ
نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى
خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَسَلَّمَ
تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًاo

## نفلی روزے

حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ چار چیزیں ہیں جنہیں حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نہیں چھوڑتے تھے، عاشورہ کا روزہ، ذی الحجہ کے روزے (ایک سے نو تک) ہر مہینہ کے تین روزے اور دو رکعتیں فجر کی فرض (نماز) سے پہلے۔ (نسائی)

ایک اور حدیث پاک میں عاشورہ کے دن روزہ رکھنے کے بارے میں اس طرح سے آتا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سوائے یوم عاشورہ کے روزے کے کسی نفل روزہ کا قصد کرتے نہیں دیکھا اور سوائے

رمضان کے کسی پورے مہینے کے روزے رکھتے ہوئے نہیں دیکھا۔

(بخاری شریف)

عاشورہ کے دن کے روزے کے بارے میں ایک حدیث مبارکہ اس طرح سے ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام جب مدینہ طیبہ تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے یہود کو عاشورہ کے دن کا روزہ رکھتے دیکھ کر پوچھا کہ تم اس دن روزہ کیوں رکھتے ہو؟ انہوں نے کہا یہ ایسا دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کو فرعون اور اس کی قوم پر غلبہ عطا فرمایا تھا لہٰذا ہم تعظیماً اس دن کا روزہ رکھتے ہیں۔ اس پر حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ ہم موسیٰ علیہ السلام سے تمہاری نسبت زیادہ قریب ہیں۔ چنانچہ آپ نے بھی اس دن روزہ رکھنے کا حکم دیا۔

(بخاری شریف)

عاشورہ کے دن روزہ رکھنے کے ساتھ ایک اور یعنی نویں یا گیارہویں تاریخ کا روزہ بھی رکھنا بہت اچھا ہے۔ ایک حدیث پاک میں آتا ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام جب مدینہ طیبہ تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (عاشورہ کے) دن کی جستجو کی تاکید کی تا آنکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آخر عمر شریف میں فرمایا کہ اگر میں آئندہ سال تک حیات

Presented by www.ziaraat.com

رہا تو آئندہ نویں اور دسویں محرم کا روزہ رکھوں گا مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسی سال وصال فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نویں اور دسویں اور گیارہویں محرم کے دنوں میں روزہ رکھنے کو پسند فرمایا جیسا کہ ایک اور حدیث پاک میں آتا ہے کہ فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے اس دن سے ایک دن پہلے یا ایک دن بعد روزہ رکھو اور یہود کے طریقہ کی مخالفت کرو کیونکہ وہ ایک دن ہی کا روزہ رکھتے تھے۔

Presented by www.ziaraat.com

# انگوٹھی اور نگینے

اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں مختلف نگینوں مثلاً موتی، مرجان، یاقوت اور مونگے کا وغیرہ کا ذکر کیا ہے۔ بلاشبہ نگینوں کے خواص واثرات بھی ہیں ہر پتھر کے الگ الگ خواص واثرات ہوتے ہیں۔ بعض پتھر کسی کو موافق آتے ہیں اور بعض ناموافق ہوتے ہیں۔ دنیا کی تاریخ شاہد ہے کہ بعض ایسے نگینے بھی تھے جن کے نحس اثرات کی وجہ سے حکمرانوں کو زوال آیا اور بعض ایسے نگینے بھی تھے جن کی وجہ سے غریب دولت مند ہو گئے ان پتھروں کی کرشمہ سازیوں اور سحری خواص کو اکثریت نے تسلیم کیا ہے کوئی بھی نگینہ ہو۔ انگوٹھی میں لگا کر پہنا جاتا ہے اس طرح پہننے سے خوبصورت دکھائی دیتا ہے۔ انگوٹھی پہننے کا ذکر بہت سی احادیث مبارکہ میں آیا ہے احادیث مبارکہ کے مطالعہ سے بخوبی طور پر معلوم ہوتا ہے کہ حضور سرکار مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کسی طرح کی انگوٹھی پہننے کی اجازت مرحمت فرمائی ہے اور کیسی انگوٹھی پہننے سے

Presented by www.ziaraat.com

منع فرمایا ہے چنانچہ اسی حوالے میں چند احادیث مبارکہ بیان کی جاتی ہیں۔

## چاندی کی انگوٹھی

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی انگوٹھی چاندی کی تھی اور اس کا نگینہ بھی تھا۔ (بخاری)

## انگشت شہادت میں انگوٹھی پہننا منع ہے

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس میں یا اس میں یعنی بیچ والی میں یا انگشت شہادت میں انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا۔ (صحیح مسلم)

## سونے کی انگوٹھی پہننے کی ممانعت

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دائیں دستِ مبارک میں ریشم لیا اور بائیں دستِ مبارک میں سونا پھر فرمایا کہ یہ دونوں چیزیں میری اُمت کے مردوں پر حرام ہیں۔ (ابو داؤد، نسائی)

Presented by www.ziaraat.com

ایک اور حدیث پاک جو کہ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قسی (ایک طرح کا ریشمی کپڑا) اور کسم کے رنگے ہوئے کپڑے اور سونے کی انگوٹھی پہننے سے اور رکوع میں قرآن حکیم پڑھنے سے منع فرمایا۔ (صحیح مسلم)

علامہ نووی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کا اس بات پر اتفاق ہے کہ عورتوں کے لیے سونے کی انگوٹھی پہننا جائز ہے اور مردوں کے لیے حرام ہے۔ (شرح مسلم جلد ثانی)

## جہنم کا انگارہ

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سرکار مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک شخص کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی دیکھی تو اسے اتار کر پھینک دیا اور فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص جہنم کے انگارے کا ارادہ کرتا ہے یہاں تک کہ اس کو اپنے ہاتھ میں لے لیتا ہے۔ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لے گئے تو کسی نے اس شخص سے کہا کہ اپنی انگوٹھی اٹھا لو کسی اور کام میں لانا۔ انہوں نے کہا اللہ کی قسم! میں اسے کبھی نہیں لوں گا جبکہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام

Presented by www.ziaraat.com

نے پھینک دی ہے۔ (مسلم شریف)

## دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا

حضرت عبداللہ بن جعفر اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مروی ہے کہ حضور سرکار مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔

(ابن ماجہ۔ ابوداؤد۔ نسائی)

## لوہے اور پیتل کی انگوٹھی پہننے کی ممانعت

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور سرکار مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک شخص سے فرمایا جو پیتل کی انگوٹھی پہنے ہوئے تھا کہ کیا بات ہے تجھ سے بتوں کی بُو آتی ہے۔ انہوں نے وہ انگوٹھی پھینک دی پھر لوہے کی انگوٹھی پہن کر آئے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا' کیا بات ہے کہ میں دیکھتا ہوں تم دوزخیوں کا زیور پہنے ہوئے ہو؟ اس شخص نے وہ انگوٹھی بھی پھینک دی۔ پھر عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کس چیز کی انگوٹھی بنواؤں؟ ارشاد فرمایا' چاندی کی بناؤ اور ایک

Presented by www.ziaraat.com

مثقال پورا نہ کرو یعنی وزن میں پورا ساڑھے چار ماشہ نہ ہو بلکہ کچھ کم ہو۔

(ترمذی شریف)

معلوم ہوا کہ انگوٹھی صرف چاندی کی ہی پہنی جا سکتی ہے دوسری دھات کی انگوٹھی پہننا حرام ہے مثلاً لوہا، پیتل، تانبہ، جست وغیرہ ان دھاتوں کی انگوٹھیاں مرد وعورت دونوں کے لیے ناجائز ہیں صرف فرق اتنا ہے کہ عورت سونا بھی پہن سکتی ہے جبکہ مرد نہیں پہن سکتا۔

(بہار شریعت)

## پیغمبروں کی سنّت

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا پیغمبروں کی سنّت ہے۔

## عقیق کی انگوٹھی

ایک حدیث پاک میں آتا ہے کہ جو شخص عقیق کی انگوٹھی پہنے گا اس کی حاجات پوری ہوں گی۔

## ظالم کے شر سے حفاظت کیلئے

Presented by www.ziaraat.com

ایک مرتبہ ایک شخص حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ مجھے کسی ظالم کا خوف ہے اور ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے ہلاک نہ کردے۔ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جاؤ ایک انگوٹھی اس طرح سے تیار کروا کر لاؤ کہ انگوٹھی پہ پہلی سطر میں اَعُوْذُ بِاللّٰہِ دوسری سطر میں اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ تیسری سطر میں واثق باللہ و رسولہ چوتھی سطر میں اشھد ان لا الہ الا اللہ کندہ ہو۔ وہ شخص انگوٹھی بنوا کر لایا تو اس سے فرمایا کہ اس انگوٹھی کو پہن لو ان شاء اللہ تعالیٰ ہر ظالم کے ظلم سے محفوظ رہو گے۔

## حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی انگوٹھی

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے فیروزہ پر "اللہ الملک الحق" کندہ کرا کر ایک انگوٹھی بنوائی تھی اور یہ انگوٹھی آپ کے پاس اخیر عمر تک رہی۔

## درِ نجف کی انگوٹھی

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ "درِ نجف" کی انگوٹھی بھی پہنا کرتے تھے سفید، بلوری اور چمکدار قسم کا یہ پتھر آج بھی نجف اشرف ایران میں دستیاب ہے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ انگوٹھی سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کی انگلی میں بھی دیکھی گئی۔

## سیّدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی انگوٹھی

سیّدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا بھی مستقلاً چاندی کی انگوٹھی پہنا کرتی تھیں اور آپ کی انگوٹھی پر "امن المتوکلون" کندہ تھا۔

## امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی انگوٹھی

حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی انگوٹھی پر "حسبی اللہ" کندہ تھا۔

## امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی انگوٹھی

حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس دو انگوٹھیاں تھیں ایک انگوٹھی پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کندہ تھا اور دوسری انگوٹھی پر "ان اللہ بالغ امرہ" کندہ تھا۔

## امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی انگوٹھی

حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی انگوٹھی پر "الحمد للہ العلی"

Presented by www.ziaraat.com

کندہ تھا۔

## امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی انگوٹھی

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی انگوٹھی پر یہ کندہ تھا۔

" اللہ خالق کل شیءٍ "

مروی ہے کہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس ایک انگوٹھی اور بھی تھی جس پر " العزۃ للہ " کندہ تھا۔

## امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی انگوٹھی

حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس ایک انگوٹھی تھی جو خاندانی انگوٹھی کہلاتی تھی اور یہ خاندان کے تقریباً تمام افراد ہی استعمال کرتے تھے اس پر یہ کندہ تھا۔

مَاشَآءَ اللہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ

Presented by www.ziaraat.com

# برتھ سٹون کی معلومات

پتھر کا استعمال کرنے سے قبل یہ جاننا بہت ضروری ہے کہ متعلقہ پتھر آپ کے لیے فائدہ مند ہے یا نہیں۔ اپنا برتھ سٹون معلوم کر کے نگینہ پہنا جائے تو اس کے مفید اثرات مرتب ہوتے ہیں چنانچہ ہر ایک کی آسانی کے لیے ذیل میں تاریخ پیدائش کے مطابق برتھ سٹون کے انتخاب کی ایک جدول دی گئی ہے جس کو دیکھ کر ہر کوئی اپنے موافق نگینے کا انتخاب کر سکتا ہے۔

| نمبر شمار | تاریخ پیدائش | موافق پتھر | متعلقہ دن | متعلقہ تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل | مرجان (مونگا) | منگل | ۱۳ |
| ۲ | ۲۱ اپریل تا ۲۰ مئی | الماس (ہیرا) | جمعہ | ۱۴ |
| ۳ | ۲۱ مئی تا ۲۱ جولائی | زمرد (پنہ) | بدھ | ۱۷ |
| ۴ | ۲۲ جولائی تا ۲۳ اگست | مروارید (موتی) | پیر | ۱۸ |
| ۵ | ۲۴ جون تا ۲۳ جولائی | یاقوت رمانی (لعل) | اتوار | ۱۹ |
| ۶ | ۲۴ اگست تا ۲۳ ستمبر | لاجورد (نیلم) | بدھ | ۲ |

Presented by www.ziaraat.com

| نمبر شمار | تاریخ پیدائش | موافق پتھر | متعلقہ دن | متعلقہ تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| ۷ | ۲۴ ستمبر تا ۲۳ اکتوبر | سنگ دودھیا (زبرجد) | جمعہ | ۳ |
| ۸ | ۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر | مرجان (عقیق سرخ) | منگل | ۴ |
| ۹ | ۲۳ نومبر تا ۲۲ دسمبر | پکھراج | جمعرات | ۷ |
| ۱۰ | ۲۳ دسمبر تا ۲۰ جنوری | گاؤ میدک | ہفتہ | ۸ |
| ۱۱ | ۲۱ جنوری تا ۱۹ فروری | عقیق یمنی | ہفتہ | ۹ |
| ۱۲ | ۲۰ فروری تا ۲۰ مارچ | لاجورد (سنگ یشب) | جمعرات | ۱۲ |

## نام کے حروف کے مطابق برتھ سٹون معلوم کرنا

اگر کسی کو اپنی تاریخ پیدائش یاد نہ ہو تو وہ درج ذیل جدول کے مطابق اپنے نام کے ابتدائی حروف کے مطابق اپنا برتھ سٹون معلوم کر سکتا ہے۔

| نام کا پہلا حرف | موافق پتھر |
|---|---|
| د - ل - ع - ی | مرجان (مونگا) |
| ب - و | ہیرا (الماس) |
| ق - ک | زمرد |

Presented by www.ziaraat.com

| نام کا پہلا حرف | موافق پتھر |
|---|---|
| ح - ہ | مروارید (موتی) |
| م | یاقوت رمانی (لعل) |
| پ - غ | نیلم (لاجورد) |
| ر - ت - ط | زبرجد (سنگ دودھیا) |
| ذ - ز - ض - ظ - ن | عقیق سرخ (مرجان) |
| ف | پکھراج |
| ج - خ - گ | گاؤمیدک |
| س - ش - ص - ث | عقیق یمنی |
| د - چ | سنگ یشب |
| ڈ - ہ | درنجف |
| د، کھ - ف - پ | فیروزہ |
| ٹھ - خ - پ | زرقون |
| ا - ب - ت - ط | لہسنیا |
| ڈ - ح | اوپل |
| ٹ - ل - م | کہربا |

Presented by www.ziaraat.com

| نام کا پہلا حرف | موافق پتھر |
|---|---|
| ح - ھ - ع - ل | مونا زائٹ |
| ٹ - م | الیگزنڈرائٹ |
| پ - ح - ھ - م | مون سٹون |
| ک - ق - م - ل - ن - و | رود راکھ |
| ا - ب - ت - د - ط - ع - ر | کنزائٹ |
| س - ش - ل - ف | ایپی ڈوٹ |
| ج - خ - غ - س - ذ - ر - ظ - ک - گ - ص | سنگ ترمری سنگ سلیمانی |
| ا - ع - ل | بابڈ سٹون |
| ح - ن - م - و | سن سٹون |

Presented by www.ziaraat.com

# نگینہ کی جانچ پرکھ

جب آپ کو اپنے برتھ سٹون کے بارے میں معلوم ہو جائے تو اس کو خریدنے کے لیے کسی ماہر اور قابل اعتماد جوہری سے رجوع کریں تاکہ آپ کو صحیح پتھر مل سکے کیونکہ اگر نگینہ اصلی ہوگا تو تب ہی اس سے مطلوبہ اثرات بھی حاصل ہو سکیں گے بعض نگینے اس قسم کے ہوتے ہیں کہ وہ حالات و واقعات کے ساتھ ساتھ اپنی رنگت بھی تبدیل کرتے رہتے ہیں بعض اوقات یہی پتھر حوادثات کی بھی نشاندہی کر دیتے ہیں اور پہننے والے کو وقت سے پہلے محتاط ہو جانے کی طرف توجہ دلاتے ہیں مگر یہ سب اسی صورت میں ممکن ہے جب نگینہ پہننے والے نے اپنے موافق نگینہ پہنا ہو۔ کوئی بھی پتھر خریدنے سے پہلے اس بات کا اطمینان کر لیں کہ پتھر بالکل نیا ہو۔ استعمال شدہ اور انگوٹھی میں جڑے ہوئے پتھر کو ہرگز نہ خریدیں کیونکہ استعمال شدہ پتھر کی خوبصورتی اور چمک ماند ہو گئی ہوتی ہے جبکہ اصلی نگینے کی چمک بلوریں اور شفاف ہوتی ہے جس سے بخوبی علم ہو جاتا ہے کہ یہ پتھر نیا ہے۔

اس کے ساتھ ہی اس بات کا بھی خیال رکھیں کہ جو نگینہ

Presented by www.ziaraat.com

خریدرہے ہیں اس کی رنگت درست ہو ہر طرف سے اس کی رنگت ایک جیسی ہو اس میں کسی قسم کی سیاہی اور داغ نہ ہو جب آپ کو اطمینان ہو جائے کہ مطلوبہ نگینہ بالکل نیا اور اصلی ہے تو اس کے عیوب و نقائص تلاش کرے جو کہ بڑا ہی مشکل اور دقیق کام ہے مختلف پتھروں کے مختلف عیوب ہیں چنانچہ خوب اچھی طرح دیکھ بھال کر کے عیوب سے پاک پتھر خریدیں پھر اس کی بناوٹ اور تراش خراش کو دیکھیں کیونکہ بعض اوقات اصلی سے ملتے جلتے نگینے بھی خوبصورتی کے ساتھ تراش کر بیچ دیے جاتے ہیں اور ان کی شناخت مشکل سے ہوتی ہے۔

جب آپ کو مکمل طور پر یہ اطمینان ہو جائے کہ آپ کا مطلوبہ نگینہ ٹھیک اور اصلی ہے تو آپ اس کو خرید کر کسی ماہر کاریگر سے انگوٹھی میں جڑ وائیں۔ انگوٹھی میں نگینہ اس طرح لگا ہونا چاہیئے کہ نگینے کا نچلا حصہ آپ کی انگلی کے ساتھ ہر وقت مس ہوتا رہے۔ نگینے کا فائدہ اسی صورت میں ہوتا ہے کہ وہ آپ کی جلد کے ساتھ مس ہوتا رہے تاکہ اس نگینے کے اثرات و خواص آپ کے لیے کارآمد ہو سکیں۔

## انگوٹھی پہننے کا طریقہ

نگینے والی انگوٹھی پہننے سے قبل انگوٹھی کو سات مرتبہ گائے کے دودھ

Presented by www.ziaraat.com

میں دھوئیں پھر سات مرتبہ خالص عرق گلاب میں دھو کر خشک کریں۔ اس کے بعد اپنے ستارے کا بخور معلوم کر کے دیں اور انگوٹھی کو سفید کاغذ میں لپیٹ کر رکھ دیں پھر اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق ستارے کا جو دن ہو اس دن سورج طلوع ہونے سے لے کر تقریباً ایک گھنٹہ تک کے دوران غسل کریں اور دو رکعت نفل نماز پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں اور انگوٹھی کو اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی میں پہن لیں اس طریقے سے پہنا ہوا نگینہ ان شاء اللہ تعالیٰ نہایت مفید اثرات مرتب کرے گا۔

Presented by www.ziaraat.com

# تاریخ پیدائش کے مطابق ستارہ اور برج

اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق اپنا ستارہ اور برج ذیل میں دی ہوئی جدول کے مطابق معلوم کریں۔

| تاریخ پیدائش | ستارہ | برج |
|---|---|---|
| ۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل | مریخ | حمل |
| ۲۱ اپریل تا ۲۱ مئی | زہرہ | ثور |
| ۲۲ مئی تا ۲۱ جون | عطارد | جوزا |
| ۲۲ جون تا ۲۳ جولائی | قمر | سرطان |
| ۲۴ جولائی تا ۲۳ اگست | شمس | اسد |
| ۲۴ اگست تا ۲۳ ستمبر | عطارد | سنبلہ |
| ۲۴ ستمبر تا ۲۳ اکتوبر | زہرہ | میزان |
| ۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر | مریخ | عقرب |
| ۲۳ نومبر تا ۲۲ دسمبر | مشتری | قوس |

Presented by www.ziaraat.com

| بُرج | ستارہ | تاریخ پیدائش |
|---|---|---|
| جدی | زحل | ۲۳ دسمبر تا ۲۰ جنوری |
| دلو | زحل | ۲۱ جنوری تا ۱۹ فروری |
| حوت | مشتری | ۲۰ فروری تا ۲۰ مارچ |

## نام کے ابتدائی حرف کے مطابق ستارہ اور بُرج

اگر کسی کو اپنی تاریخ پیدائش یاد نہ ہو تو وہ ذیل میں دی ہوئی جدول کے مطابق اپنے اصلی نام کے پہلے حرف کے مطابق اپنا بُرج اور ستارہ معلوم کرے۔

| بُرج | ستارہ | نام کا پہلا حرف |
|---|---|---|
| حمل | مریخ | ا - ل - ع - ی |
| ثور | زہرہ | ب - و |
| جوزا | عطارد | ق - ک |
| سرطان | قمر | ح - ہ |
| اسد | شمس | م |
| سنبلہ | عطارد | پ ۔ غ |
| میزان | زہرہ | ر - ت - ط |

Presented by www.ziaraat.com

| نام کا پہلا حرف | ستارہ | برج |
|---|---|---|
| ذ۔ ز۔ ض۔ ظ۔ ن | مریخ | عقرب |
| ف | مشتری | قوس |
| ج۔ خ۔ گ | زحل | جدی |
| س۔ ش۔ ص۔ ث | زحل | دلو |
| د۔ چ | مشتری | حوت |

# نام اور تاریخ پیدائش کے موافق نگینوں کے رنگ

| تاریخ پیدائش | نام کا پہلا حرف | موافق رنگ |
|---|---|---|
| ۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل | ا۔ ل۔ ع۔ ی | سُرخ |
| ۲۱ اپریل تا ۲۱ مئی | ب۔ و | نیلا |
| ۲۲ مئی تا ۲۱ جون | ق۔ ک | سرخی مائل زرد |
| ۲۲ جون تا ۲۳ جولائی | ح۔ ہ | دودھیا سفید |
| ۲۴ جولائی تا ۲۳ اگست | م | نارنجی |
| ۲۴ اگست تا ۲۳ ستمبر | پ۔ غ | نقرئی گہرا زرد |
| ۲۴ ستمبر تا ۲۳ اکتوبر | ر۔ ت۔ ط۔ ٹ | نیلا، ہلکا گلابی |
| ۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر | ظ۔ ذ۔ ض۔ ز۔ ن | قرمزی گہرا سرخ |

Presented by www.ziaraat.com

| تاریخ پیدائش | نام کا پہلا حرف | موافق رنگ |
|---|---|---|
| ۲۳ نومبر تا ۲۲ دسمبر | ف | ہلکا ارغوانی |
| ۲۳ دسمبر تا ۲۰ جنوری | ج ۔خ ۔گ | نیوی بلیو سلیٹی |
| ۲۱ جنوری تا ۱۹ فروری | س ش ص ث | نیلا۔سبز۔سیاہ |
| ۲۰ فروری تا ۲۰ مارچ | د ۔ چ | بھورا۔گہرا سبز۔ |

## نگینوں کے بُرج معلوم کرنا

ذیل میں دی ہوئی جدول کے مطابق نگینوں کے بُروج آسانی سے معلوم کیئے جا سکتے ہیں۔

| نگینہ | بُرج | نگینہ | بُرج |
|---|---|---|---|
| الماس | ثور اور میزان | کارنڈم | سرطان |
| نیلم | دلو اور جدی | ایمے تھسٹ | قوس اور حوت |
| زمرد | قوس اور حوت | سنگ یشب | قوس اور حوت |
| یاقوت | حمل | سنگ سلیمانی | جدی |
| موتی | سرطان | ردو راکھ | سنبلہ اور جوزا |
| پکھراج | سنبلہ اور جوزا | سنگ ستارہ | جدی اور دلو |

Presented by www.ziaraat.com

| نگینہ | بُرج | نگینہ | بُرج |
|---|---|---|---|
| زبرجد | ثور اور میزان | سنگ حدید | جدی اور دلو |
| لعل رمانی | سرطان اور حوت | حجر الیہود | قوس اور حوت |
| بیروج | قوس | سنگ سیم | قوس اور حوت |
| مرجان | حمل اور عقرب | مون سٹون | سرطان |
| زرقون | سنبلہ | کنزائٹ | میزان اور ثور |
| لہسنیا | ثور اور میزان | پیریڈٹ | سنبلہ اور جوزا |
| فیروزہ | قوس اور حوت | گارنیٹ | ثور اور جوزا |
| عقیق | حمل اور دلو | سنگ ترمری | جدی اور دلو |
| اوپل | سرطان | کالسی ڈانی | سنبلہ اور جوزا |
| لاجورد | حوت اور قوس | بلڈ سٹون | عقرب |
| کہربا | اسد | ایپی ڈوٹ | قوس اور حوت |
| الیگزنڈرائٹ | اسد | سن سٹون | اسد |
| درِ نجف | سرطان | | |

Presented by www.ziaraat.com

# رنگوں کے اعتبار سے نگینوں کا مزاج

| مزاج | رنگ |
|---|---|
| تر | سبز رنگ |
| سرد و تر | آسمانی رنگ |
| گرم و خشک | سُرخ رنگ |
| خشک | اودے رنگ |
| گرم | نارنجی رنگ |
| گرم و تر | زرد رنگ |
| سرد | نیلا رنگ |

Presented by www.ziaraat.com

# بُرج کے مطابق وظائف

## اور

# موافق نگینے

اپنے بُرج کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے بعد اپنی مشکلات کے جلد حل کے لیے بیماریوں میں شفا اور بہت سے امراض سے محفوظ رہنے کے لیے اگلے صفحات میں ہر بُرج سے تعلق رکھنے والے افراد کے لیے وظائف کا بیان کیا گیا ہے نہایت توجہ، یکسوئی اور یقین کامل کے ساتھ ان وظائف کا ورد کرنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ ہر جائز مقصد میں کامیابی ہوتی ہے اللہ رب العزت اپنے پاک و بابرکت اسم مبارک کی بدولت ہر پریشانی اور مشکل کو دُور فرماتا ہے۔

وظائف کے علاوہ ہر بُرج سے تعلق رکھنے والے افراد پر جو امراض حملہ آور ہو سکتے ہیں ان سے بچاؤ کے لیے اُن نگینوں کا بیان بھی کیا گیا ہے کہ جن کو پہن کر نگینے کے سحری خواص کی بدولت اللہ تعالیٰ بیماریوں سے

Presented by www.ziaraat.com

محفوظ رکھتا ہے اگر کوئی کسی مرض میں مبتلا ہے تو وہ اپنے برج کے موافق متعلقہ نگینے کا استعمال کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ اُسے جلد شفا حاصل ہو گی۔ بلاشبہ اللہ رب العزت ہی مسبب الاسباب ہے اور اپنے بندوں کی مشکلات اور پریشانیوں کو دُور فرماتا ہے۔

## بُرج ثور سے تعلق رکھنے والے

بُرج ثور سے تعلق رکھنے والے مرد و خواتین اپنی مشکلات و پریشانیوں کے حل کے لیے ذیل میں دیے ہوئے اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کا بکثرت وِرد کریں تو بفضلِ باری تعالیٰ اُن کو مطلوبہ مقصد میں جلد کامیابی ہو گی۔

## جلد شادی کے لیے

اگر شادی میں کوئی رکاوٹ ہو تو ہر نماز کے بعد بکثرت یہ وِرد کرے یَا لَطِیْفُ یَا اَللّٰہُ بہت جلد رکاوٹ دُور ہو جائے گی اور جلد ہی شادی بھی ہو جائے گی۔

## غربت کا خاتمہ

غربت و افلاس کے خاتمے کیلئے پہلے ہر نماز کے بعد کثرت سے

Presented by www.ziaraat.com

یَاغَنِیُّ یَااَللّٰہُ کا ورد کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ کبھی کسی کا محتاج نہ ہوگا رزق حلال میں خوب اضافہ ہوگا۔

## میاں بیوی میں محبت کیلئے

اگر میاں بیوی میں ناچاقی ہو تو دونوں میں سے کوئی ایک ہر نماز کے بعد بکثرت یَاعَزِیْزُ یَااَللّٰہُ کا ورد کر کے بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالےٰ میاں بیوی کی ناچاقی دُور ہو جائے گی اور دونوں کے مابین خوب محبت پیدا ہو گی۔

## حسبِ منشا ملازمت کا حصُول

اگر کوئی بے روزگار ہے تو وہ ملازمت کے حصُول کی غرض سے ہر نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ یَامُعْطِیُ یَااَللّٰہُ کا وِرد کر کے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کو روزگار حاصل ہو گا

## ظاہری و باطنی علوم کا حصُول

جو اس بات کا خواہاں ہو کہ اللہ رب العزت اسے ظاہری و باطنی علوم سے نوازدے تو وہ ہر نماز کے بعد بکثرت یَاعَظِیْمُ یَااَللّٰہُ پڑھا کرے اِن شاء اللہ تعالےٰ اسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

Presented by www.ziaraat.com

## بُرج ثور کی بیماریاں اور موافق نگینہ

بُرج ثور سے تعلق رکھنے والے افراد امراض چشم، خرابی جگر، گردے اور مثانے کی درد، دل کی بیماریوں، اعصابی کمزوری، پتھری اور معدے کی خرابیوں سے شفایاب ہونے اور ان امراض سے محفوظ رہنے کے لیے ذیل میں دیے ہوئے نگینوں میں سے کوئی ایک اپنی حسب پسند نگینہ پہنیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد مفید اثرات مرتب ہوں گے۔

الماس۔ زبرجد، گارنیٹ۔ لہسنیا۔ کنزانٹ

## بُرج میزان سے تعلق رکھنے والے

بُرج میزان سے تعلق رکھنے والے افراد اپنے جائز مقصد کے حصول کے لیے ہر نماز کے بعد اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کا ورد کریں تو ان شاء اللہ تعالیٰ ان کی ہر مراد جلد پوری ہوگی۔

## دولت کا حصول

جائز طریقے سے دولت کے حصول کی غرض سے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَاغَنِیُّ یَااَللّٰہُ پڑھنے پر مداومت رکھے ان شاء اللہ تعالیٰ بہت

Presented by www.ziaraat.com

جلد روزی میں خوب اضافہ ہوگا - اور دن بدن خوشحالی آئے گی۔

## امتحان میں کامیابی

امتحان میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے ہر نماز کے بعد بکثرت یَا مُعْطِی یَا اَللہُ پڑھے تو بفضلِ باری تعالیٰ کیسا ہی مشکل امتحان ہو اُس میں کامیابی حاصل ہوگی اللہ تعالیٰ اپنے اسم پاک کی برکت سے ناکام نہیں کرے گا اور کامیابی عطا فرمائے گا۔

## خاوند تنگ نہ کرے

اگر خاوند اپنی بیوی کو بلاوجہ تنگ کرتا ہو اپنی اس حرکت سے کسی بھی طرح باز نہ آتا ہو تو بیوی ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا عَزِیْزُ یَا اَللہُ پڑھنے کے بعد دعا مانگے تو ان شاء اللہ تعالیٰ خاوند کے دل میں اس کی محبت شدیدہ پیدا ہو جائے گی اور وہ تنگ نہیں کیا کرے گا۔

## علم و فہم میں اضافہ

علم و فہم میں اضافے کے لیے برج میزان سے تعلق رکھنے والے افراد

Presented by www.ziaraat.com

ہر نماز کے بعد بکثرت یَا عَلِیْمُ یَا اَللّٰہُ پڑھا کریں اِن شاء اللہ تعالیٰ ان پر علم کے دروازے کھل جائیں گے۔

## رشتہ کے لیے

اگر شادی نہ ہوتی ہو تو ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا لَطِیْفُ یَا اَللّٰہُ پڑھے پھر بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد رشتہ طے ہو جائے گا اور شادی ہو جائے گی۔

## بُرج میزان کی بیماریاں اور موافق نگینہ

بُرج میزان سے تعلق رکھنے والے افراد گھٹنے کے درد۔ جوڑوں کے درد، گردے اور مثانے کی پتھری۔ امراض قلب، پیچش، پٹھوں کی کمزوری آنکھوں کی بیماریاں، معدے اور جگر کی بیماریوں سے شفایاب ہونے اور ان امراض سے محفوظ رہنے کے لیے درج ذیل نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔

ہیرا۔ زبرجد۔ کنز ائٹ۔ گارنیٹ۔ لہسنیا۔

## بُرج دلو سے تعلق رکھنے والے

بُرج دلو سے تعلق رکھنے والے افراد اپنی حاجت روائی کے لیے

Presented by www.ziaraat.com

ہر نماز کے بعد جو وظائف کرنا چاہئیں اُن کا ذیل میں بیان کیا جاتا ہے۔

## اولادِ نرینہ کیلئے

اولادِ نرینہ کی نعمت کے حصول کی غرض سے ہر نماز کے بعد بکثرت یَا وَارِثُ پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے تو اِن شاء اللہ تعالیٰ نیک اور صالح فرزند کی ولادت ہو گی۔

## دشمن کی زبان بندی

ظالم دشمن کی زبان بندی کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا قَابِضُ پڑھا کرے تو اِن شاء اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا دشمن نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

## توبہ کی قبولیت کیلئے

توبہ کی قبولیت اور اس پر ثابت قدمی کی توفیق کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا غَفَّارُ پڑھنے کا معمول بنائے بفضل باری تعالیٰ اس کو توبہ پر استقامت حاصل ہو گی۔

Presented by www.ziaraat.com

## فراخی رزق کیلئے

رزق حلال میں اضافے اور وسعت کی غرض سے ہر نماز کے بعد ایک تسبیح
یَا رَزَّاقُ پڑھنے پر مداومت رکھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ کبھی رزق
کی تنگی نہ ہوگی اور اللہ رب العزت دنیا میں کسی کا محتاج نہ کرے گا۔

## خواب میں معلوم کرنا

اگر کسی کام کے کرنے سے قبل یہ معلوم کرنے کا خواہاں ہو کہ اس کا نتیجہ اس
کے حق میں اچھا ہے یا نہیں تو رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں
پانچ سو مرتبہ یَا خَبِیْرُ پڑھے اوّل و آخر درود پاک پڑھے اور قبلہ رُخ ہو کر
سو جائے اِن شاء اللہ تعالیٰ خواب میں معلوم ہو جائے گا۔

## بُرج دلو کی بیماریاں اور موافق نگینہ

بُرج دلو سے تعلق رکھنے والے افراد دِل کی گھبراہٹ، نظام ہضم کی خرابی
گردے اور مثانے کی بیماریوں، آنتوں کے عارضے، دمہ، اپینڈکس اور
سانس کی بیماریوں میں شفا حاصل کرنے اور ان امراض سے محفوظ
رہنے کے لیے درج ذیل نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔

Presented by www.ziaraat.com

نیلم، عقیق، سنگ ترمری، سنگ ستارہ، سنگ حدید

## بُرج جدی سے تعلق رکھنے والے

بُرج جدی سے تعلق رکھنے والے مرد و خواتین اپنی جلد حاجت روائی کے لیے ہر نماز کے بعد بکثرت ذکر الٰہی کریں۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ اِن کی ہر جائز حاجت پوری ہوگی۔

## دشمن کے شر سے بچاؤ

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا قَابِضُ کا ورد کیا جائے اِن شاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بندی ہوگی اور وہ کسی طرح کا نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

## اولادِ نرینہ حاصل ہو

جس کے ہاں صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اولادِ نرینہ کی شدید خواہش ہو تو ہر نماز کے بعد بکثرت یَا وَارِثُ پڑھ کر دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ نیک اور صالح اولادِ نرینہ پیدا ہوگی اللہ تعالیٰ بیٹے کی نعمت سے سرفراز فرمائے گا۔ وظیفہ نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

## کاروبار میں اضافہ

کاروبار میں اضافے اور برکت کے لیے ہر نماز کے بعد بکثرت یَا رَزَّاقُ پڑھنے کا معمول بنالے اِن شاءاللہ تعالیٰ رزق حلال میں خوب وسعت ہوگی اور کاروبار چمک اُٹھے گا۔

## توبہ پر استقامت

بُرے کاموں سے توبہ کرنے کے بعد اگر یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو استقامت عطا فرمائے تو ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا غَفَّارُ پڑھ لیا کرے بفضل باری تعالیٰ توبہ پر استقامت کی توفیق مرحمت ہوگی۔

## ہر حاجت پوری ہو

ہر طرح کی جائز حاجت روائی کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا وَهَّابُ پڑھے اِن شاءاللہ تعالیٰ جو بھی حاجت ہوگی جلد پوری ہوگی۔

## استخارہ کیلئے

استخارہ کرنے کی غرض سے عشاء کی نماز کے بعد باوضو حالت میں پاک

Presented by www.ziaraat.com

صاف بستر پر بیٹھ کر پانچ سو مرتبہ یَا خَبِیْرُ پڑھے اوّل و آخر دُرود پاک پڑھے اور قبلہ رُخ ہو کر سو جائے اِن شاء اللہ تعالیٰ خواب میں اشارہ مل جائے گا۔

## بُرج جدی کی بیماریاں اور موافق نگینہ

بُرج جدی کے تحت پیدا ہونے والے افراد گُردے کے درد، خُون کی خرابی مثانے کے امراض، بے خوابی، ریح کے درد، معدہ اور ہاضمے کی خرابیوں سے محفوظ رہنے کے لیے درج ذیل نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔

نیلم، سنگ سلیمانی، سنگ ترمری، سنگ حدید، سنگ ستارہ

## بُرج سرطان سے تعلق رکھنے والے

سرطان کے تحت پیدا ہونے والے افراد مشکلات کے حل کے لیے اللہ ربّ العزت کے بابرکت اسمائے حسنیٰ کا بکثرت ورد کریں

## بلند مرتبہ کا حصُول

دین و دنیا میں کامیابی اور بلند مرتبہ کے حصُول کی غرض سے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا رَافِعُ پڑھ لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ

Presented by www.ziaraat.com

مقصد میں ضرور کامیابی ہوگی۔

## اللہ تعالیٰ کی قربت

اللہ رب العزت کی قربت کے لیے ہر نماز کے بعد بکثرت یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ پڑھنے کا معمول بنالے بفضلِ باری تعالیٰ اس کی منشا پوری ہو جائے گی۔

## قوّت و طاقت کیلئے

قوّت و طاقت کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا قَوِیُّ پڑھنے پر مداومت رکھے اِن شاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

## مراد پوری ہوجائے

جائز دلی مراد کے حصول کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا صَمَدُ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مراد پوری ہوگی اللہ تعالیٰ اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔

## تنگدستی کا خاتمہ

غربت و تنگدستی کے خاتمے کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا مُغْنِیُ

Presented by www.ziaraat.com

پڑھ لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ دنیا میں کسی کا محتاج نہ ہوگا رزق کی تنگی دُور ہو جائے گی اور رزق حلال میں خوب اضافہ ہوگا۔

## بُرج سرطان کی بیماریاں اور موافق نگینہ

بُرج سرطان کے تحت پیدا ہونے والے مرد و خواتین جلد کی بیماریوں، پیٹ کی خرابی، نظام ہضم کی خرابی، جوڑوں کے درد، گیس، گردوں کی بیماریوں، سانس کی بیماریوں اور شوگر کے مرض سے محفوظ رہنے کے لیے درج ذیل موافق نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔ اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

موتی، لعل زمانی، در نجف۔ اوپل۔ مون سٹون۔ کارنڈم

## بُرج حمل سے تعلق رکھنے والے

بُرج حمل کے تحت پیدا ہونے والے افراد اپنی پریشانیوں کے خاتمے اور دعاؤں کے جلد قبول ہونے کی غرض سے اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کا کثرت سے وِرد کریں اِن شاء اللہ تعالیٰ کوئی پریشانی نہیں رہے گی۔

Presented by www.ziaraat.com

## قبولیت دُعا کیلئے

ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا سَمِیْعُ پڑھ کر نہایت عاجزی و انکساری سے بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالےٰ جو بھی جائز دعا ہوگی۔ ضرور اور جلد قبول ہوگی۔

## غائب کی واپسی

اگر کوئی غائب ہوگیا ہو یا ناراضگی کے باعث نہ آتا ہو تو ہر نماز کے بعد بکثرت یَا مُعِیْدُ پڑھ کر دُعا مانگے بفضلِ باری تعالیٰ غائب اور ناراض اس کے پاس چلا آئے گا نہایت ہی آزمودہ وظیفہ ہے۔

## جسمانی نقصان سے بچاؤ

اگر کسی دشمن کی طرف سے جانی نقصان پہنچائے جانے کا خوف و خطرہ ہو تو اپنی سلامتی کی غرض سے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا سَلَامُ پڑھ کر اپنے اُوپر دم کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ اسے کوئی نقصان نہ ہوگا اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

Presented by www.ziaraat.com

# چشمِ خلائق میں معزز ہونا

چشمِ خلائق میں معزز و مقبول ہونے کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے **یَا مُعِزُّ** پڑھ لیا کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ جہاں بھی جائے گا لوگوں کے دِلوں میں اپنے لیے عزت و احترام پائے گا۔

# رُوحانی ترقی کیلئے

رُوحانی و باطنی ترقی کے حصُول کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے **یَا مُهَيْمِنُ** پڑھنے کا معمُول بنائے بفضلِ باری تعالیٰ رُوحانی مدارج میں خوب ترقی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔

# بُرج حمل کی بیماریاں اور موافق نگینہ

بُرج حمل کے تحت پیدا ہونے والے خواتین و حضرات اعصابی بیماریوں نظامِ ہضم کی خرابیوں، حادثاتی چوٹوں، بخار، دانت کے امراض اور مختلف زخموں سے محفوظ رہنے اور ان سے شفا کی غرض سے درج ذیل موافق نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔

عقیق - یاقوت - مرجان

Presented by www.ziaraat.com

# بُرج قوس سے تعلّق رکھنے والے

بُرج قوس کے تحت پیدا ہونے والے افراد کے لیے درج ذیل وظائف کا وِرد کرنا بہت ہی فائدہ مند ہے۔

## بُرائیوں سے نفرت

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے دِل میں بُرائیوں کے لیے شدید نفرت پیدا ہو جائے اللہ تعالیٰ اسے صراطِ مستقیم پہ ثابت قدم رکھے اور نیکی کے کاموں کے کرنے کی توفیق عطا فرمائے تو وہ ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا هَادِیُ یَا اَللّٰهُ پڑھے اِن شاءاللہ تعالیٰ اسے ہدایتِ حق نصیب ہو گی۔

## قربتِ الٰہی کا حصُول

بارگاہ الٰہی کا مقبول بندہ بننے اور قربتِ الٰہی کے حصُول کی غرض ہر نماز کے بعد یقین کامل کے ساتھ بکثرت یَا رَحِیْمُ یَا اَللّٰهُ پڑھ لیا کرے بفضلِ باری تعالیٰ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

## کاروبار کیلئے

اگر چلتا ہوا کاروبار بند ہو گیا ہو مالی حالات بہت خراب ہو گئے ہوں

Presented by www.ziaraat.com

تو ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا فَتَّاحُ یَا اَللّٰہُ پڑھنے پر مداومت کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ کاروبار میں بندش کھل جائے گی اللہ رب العزت رزق حلال میں خوب اضافہ فرمائے گا اور معاشی پریشانی ختم ہو جائے گی۔

## غیبی مدد کے لیے

پردیس میں جہاں پر کوئی جاننے والا نہ ہو اور مدد کی ضرورت ہو تو ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا بَاعِثُ یَا اَللّٰہُ پڑھ کر دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالےٰ غیب سے کوئی نہ کوئی اسباب پیدا ہوں گے۔ اور مشکل حل ہو جائے گی

## برائے حُب

اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے یقین کامل کے ساتھ یَا وَدُوْدُ یَا اَللّٰہُ پڑھ کر دعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ مقصد پورا ہو گا۔

## بُرج قوس کی بیماریاں اور موافق نگینہ

بُرج قوس سے تعلق رکھنے والے افراد نزلہ، کھانسی، زکام، جوڑوں

کے درد، عرق النساء، نظام ہضم کی خرابی، گنٹھیا، لنگڑا پن، کولہوں کے زخم حلق کی بیماریوں اور گردن توڑ بخار سے محفوظ رہنے کے لیے ذیل میں دیے ہوئے نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔

فیروزہ، زمرد، لاجورد، لعل زمانی، سنگِ یشب، سنگِ سیم، ایمے تھسٹ ایپی ڈوٹ، حجر الیہود۔

## بُرج حوت سے تعلق رکھنے والے

بُرج حوت کے تحت پیدا ہونے والے خواتین و حضرات اپنی مشکلات کے حل کے لیے درج ذیل وظائف کا وِرد کریں تو ان شاء اللہ تعالیٰ اُن کو اپنے مطلوبہ مقصد میں جلد کامیابی ہوگی۔

## ھدایت حق کیلئے

ہدایت حق کے حصول کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا ھَادِیُ یَا اَللّٰہُ پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دُعا مانگیے بفضلِ باری تعالیٰ ہدایت حاصل ہوگی اور اللہ تعالیٰ نیکی کے کاموں کے کرنے کی توفیق عطا فرمائے گا۔

## کاروبار کی بندش کھل جائے

Presented by www.ziaraat.com

کاروبار کی بندش کھولنے اور فراخی رزق کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے **یَا فَتَّاحُ یَا اَللّٰہُ** پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ کاروبار خوب چلے گا۔ اور رزق میں خوب اضافہ ہوگا۔

## اللہ تعالیٰ کی قربت کیلئے

اللہ رب العزت کی قربت کے حصول کی غرض سے ہر نماز کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ کثرت سے **یَا رَحِیْمُ یَا اَللّٰہُ** پڑھنے کا معمول بنائے ان شاء اللہ تعالیٰ عبادت میں راحت محسوس ہوگی اور اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔

## میاں بیوی میں نفرت کا خاتمہ

میاں بیوی کے مابین محبت پیدا کرنے کے لیے دونوں میں سے کوئی ایک ہر نماز کے بعد کثرت سے **یَا وَدُوْدُ یَا اَللّٰہُ** پڑھے بفضل باری تعالیٰ دونوں کے دلوں میں ایک دوسرے کے لیے خوب محبت پیدا ہوگی اور نفرت کا خاتمہ ہوگا۔

## مشکل کا حل

ہر طرح کی مشکل و پریشانی کے خاتمے کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت

Presented by www.ziaraat.com

سے یَا بَاعِثُ یَا اَللّٰہُ پڑھے بفضل باری تعالیٰ مشکل کا کوئی نہ کوئی حل جلد نکل آئے گا اللہ تعالیٰ ایسا سبب پیدا فرما دے گا کہ پریشانی ختم ہو جائے گی۔

## برُج حوت کی بیماریاں اور موافق نگینہ

برُج حوت سے تعلق رکھنے والے افراد پھیپھڑوں کے مرض، جوڑوں کے درد، نمونیہ، پاؤں کی خرابی، کولہوں کے جوڑوں کے درد، امراض چشم اور ہاضمے کی خرابی سے محفوظ رہنے کے لیے ذیل میں دیے گئے نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہن سکتے ہیں۔

فیروزہ۔ زمرد۔ حجر الیہود۔ لعل زمانی، لاجورد، ایمے تھسٹ، سنگ یشب، سنگ سیم۔ ایپی ڈوٹ۔

## برُج سنبلہ سے تعلق رکھنے والے

برُج سنبلہ کے تحت پیدا ہونے والے افراد کے لیے درج ذیل وظائف بہت مفید اور سریع الاثر ثابت ہوتے ہیں۔

### فراخی رزق کے لیے

رزق حلال میں اضافے کے لئے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا بَاسِطُ

یَا اَللّٰہُ پڑھ لیا کرے اِن شاءاللہ تعالےٰ کبھی رزق کی کمی نہ ہوگی۔ اور دن بدن معاشی ومالی حالات خوب بہتر ہوں گے۔

## حاجت روائی کیلئے

ہر طرح کی جائز حاجت کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا مَالِكَ الْمُلْكِ پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے اِن شاءاللہ تعالیٰ جو بھی حاجت ہوگی وہ جلد پوری ہوگی۔

## آفات وبلیّات سے حفاظت کیلئے

آفات وبلیّات سے محفوظ رہنے کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا حَفِیْظُ یَا اَللّٰہُ پڑھے بفضل باری تعالیٰ کسی مصیبت اور آفت میں مبتلا نہ ہوگا اللہ رب العزت اپنی حفظ وامان میں رکھے گا اور اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا۔

## روحانی ترقی کیلئے

روحانی ترقی کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا قَیُّوْمُ یَا اَللّٰہُ

Presented by www.ziaraat.com

پڑھ لیا کرے بفضل باری تعالیٰ روحانی مدارج جلد طے ہوں گے۔
اللہ تعالیٰ خصوصی مہربانی فرمائے گا۔

## بلند مرتبہ کا حصول

بلند مرتبہ کے حصول کی غرض سے ہر نماز کے بعد یقین کامل اور یکسوئی کے ساتھ یَا مُقَدِّمُ یَا اَللّٰہُ بکثرت پڑھنے کا معمول بنائے ان شاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

## برج سنبلہ کی بیماریاں اور موافق نگینہ

برج سنبلہ سے تعلق رکھنے والے مرد و خواتین پھیپھڑوں کی بیماریوں، ہاضمے کی خرابی، جوڑوں کے درد، شوگر، ہیضہ، درد شقیقہ، کمر درد، اعصابی بیماریوں، بازوؤں اور شانوں کے درد سے محفوظ رہنے کے لیے درج ذیل نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔

پکھراج۔ زرقون، رودراکھ، گارنیٹ، پریڈٹ، کاسی ڈائی

## برج جوزا سے تعلق رکھنے والے

برج جوزا کے تحت پیدا ہونے والے افراد اپنی جائز حاجت روائی

Presented by www.ziaraat.com

اور مشکلات کے جلد حل کے لیے ذیل میں دیئے ہوئے وظائف کریں تو ان کو فوری فائدہ ہو سکتا ہے۔

## عہدہ میں ترقی

عہدہ میں ترقی کی غرض سے ہر نماز کے بعد یَا مُقَدِّمُ یَا اَللّٰہُ کا ورد کثرت سے کرے ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد عہدہ و مرتبہ میں اضافہ ہوگا اور دلی مراد پوری ہوگی۔

## فراخی رزق کیلئے

رزق حلال میں وسعت کی غرض سے ہر نماز کے بعد خلوص دل سے بکثرت یَا بَاسِطُ یَا اَللّٰہُ پڑھے بفضل باری تعالیٰ رزق کی کمی دُور ہو جائے گی اللہ تعالیٰ رزق میں خوب برکت پیدا فرمائے گا اور مالی پریشانی ختم ہو جائے گی۔

## پریشانی کا حل

پریشانی و مصیبت کے خاتمے کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا مَالِكَ الْمُلْكِ پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے ان شاء اللہ تعالیٰ جو بھی پریشانی ہوگی وہ دُور ہو جائے گی اللہ رب العزت مدد

Presented by www.ziaraat.com

فرمائے گا۔

## استخارہ کرنا

کسی کام کے متعلق استخارہ کرنا مقصود ہو تو رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں پاک صاف لباس پہن کر صاف بستر پر لیٹ کر پانچ سو مرتبہ یَا خَبِیْرُ پڑھے اوّل وآخر درود پاک پڑھے اور قبلہ رُخ منہ کر کے سو جائے ان شاء اللہ تعالیٰ خواب میں معلوم ہو جائے گا۔

## بلا و مصیبت سے بچاؤ

زمینی و آسمانی بلا و مصیبت سے محفوظ رہنے کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا حَفِیْظُ یَا اَللّٰہُ پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ ہر پریشانی و تکلیف سے بچا رہے گا اللہ رب العزّت اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

## برج جوزا کی بیماریاں اور موافق نگینہ

برج جوزا سے تعلق رکھنے والے افراد آنتوں کی بیماریوں، پیٹ کے درد اعصابی بیماریوں، بے خوابی، رانوں اور کولہوں کے درد، پھیپھڑوں کے امراض، ہاتھوں اور انگلیوں کی بیماریوں، بازوؤں اور شانوں کے درد

Presented by www.ziaraat.com

اور ذہنی پریشانی سے محفوظ رہنے کے لیے درج ذیل نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔

پکھراج، پریڈیٹ، زرقون، کالسی ڈانی، گارنیٹ، پریڈیٹ۔ روودراکھ۔

## بُرج اسد سے تعلق رکھنے والے

بُرج اسد کے تحت پیدا ہونے والے مرد و خواتین ہر نماز کے بعد ذیل میں دیے ہوئے وظائف پڑھیں ان شاء اللہ تعالیٰ ان کی جلد حاجت روائی ہو گی۔

## بینائی میں اضافہ

بینائی میں اضافے کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا نُوْرُ پڑھ کر اپنی انگلیوں پر دم کرے اور انگلیاں آنکھوں پر پھیرے ان شاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی روشنی تیز ہو جائے گی۔

## چشم خلائق میں معزز ہونا

چشم خلائق میں معزز ہونے اور عزت و مرتبہ میں اضافے کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا وَاسِعُ پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ

Presented by www.ziaraat.com

مطلوبہ مقصد میں جلد کامیابی ہوگی۔

## مستجاب الدّعوات ہونا

بارگاہِ الٰہی میں مقبول اور مستجاب الدعوات ہونے کی غرض سے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا رَحْمٰنُ پڑھنے کا معمول بنائے بفضلِ باری تعالیٰ دلی مراد بہت جلد پوری ہوگی۔

## قوّت و طاقت کا حصُول

قوّت و طاقت میں اضافے کی غرض سے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا قَوِیُّ پڑھنے پر مداومت کرے اِن شاء اللہ تعالیٰ طاقت و قوّت حاصل ہوگی۔

## زبان بندی کیلئے

دشمن کی زبان بندی کی غرض سے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا خَافِضُ پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دُعا مانگے اِن شاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بندی ہو گی۔ اور وہ کسی طرح کا نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

Presented by www.ziaraat.com

# برج اسد کی بیماریاں اور موافق نگینہ

برج اسد سے تعلق رکھنے والے افراد کمر کے درد، گنٹھیا، حلق کی بیماریوں دل کے امراض، ریڑھ کی ہڈی کے عارضے اور جوڑوں کی کمزوری سے محفوظ رہنے اور کسی مرض میں مبتلا ہونے کی صورت میں شفا کے لیے درج ذیل نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔

سن سٹون، کہربا، الیگزنڈرائٹ

# برج عقرب سے تعلق رکھنے والے

برج عقرب کے تحت پیدا ہونے والے افراد ہر نماز کے بعد ذیل میں دیے ہوئے وظائف پڑھیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ ان کو اپنے مطلوبہ مقصد میں جلد کامیابی ہو گی۔

# چشم خلائق میں معزز ہونا

چشم خلائق میں معزز ہونے اور عزت و مرتبہ میں اضافے کی غرض سے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا مُعِزُّ پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ

Presented by www.ziaraat.com

خواہش پوری ہو جائے گی۔

## رُوحانی ترقی کیلئے

باطنی علوم کے حصول اور رُوحانی مدارج میں ترقی کے لیے ہر نماز کے بعد کثرت سے یَا مُهَيْمِنُ پڑھنے کا معمول بنالے ان شاء اللہ تعالیٰ رُوحانی درجات بلند ہوں گے اللہ رب العزت اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔

## گمشدہ کی واپسی

ناراض اور گمشدہ کی واپسی کے لیے روزانہ ایک وقت مقررہ پر پانچ سو مرتبہ یَا مُعِيْدُ پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دُعا مانگے پانچ یوم تک بلاناغہ یہ وظیفہ کرنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ ناراض اور گمشدہ واپس آجائے گا اس مقصد کے لیے یہ نہایت مجرّب و آزمودہ وظیفہ ہے۔

## آفات و بلیّات سے بچاؤ

ہر طرح کی زمینی و آسمانی آفات و بلیّات سے محفوظ رہنے کے لیے ہر نماز کے بعد ایک سو پانچ مرتبہ یَا سَلَامُ پڑھ لیا کرے تو بفضلِ تعالیٰ کوئی گزند نہ پہنچے گی اور اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں

Presented by www.ziaraat.com

رکھے گا۔

## قبولیت دُعا کیلئے

مستجاب الدعوات ہونے کی غرض سے ہر نماز کے بعد بارہ مرتبہ **یَا سَمِیْعُ** اس طرح پڑھنے کا معمول بنائے کہ اوّل و آخر دُرود پاک پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ ہر جائز دُعا کو شرف قبولیت حاصل ہوگا۔

## بُرج عقرب کی بیماریاں اور موافق نگینے

بُرج عقرب سے تعلق رکھنے والے افراد حلق کے امراض اسہال، بخار، کھانسی۔ نزلہ۔ زکام۔ معدہ کا ورم۔ نظام ہضم کی خرابی۔ سر کا درد۔ مثانہ کے امراض اور جوڑوں کے درد سے محفوظ رہنے کے لیے درج ذیل نگینوں میں سے کوئی ایک نگینہ پہنیں۔

مرجان۔ بلڈ سٹون

Presented by www.ziaraat.com

# آنکھوں کی بینائی کے لیے

یہ قرآنی آیت سورہ قٓ کی ہے۔ آنکھوں کی روشنی کے لیے ہر نماز کے بعد سات یا تین بار پڑھ کر آنکھوں پر پھیرنے سے آنکھوں کی روشنی قائم رہے گی۔ اگر کم ہوگی تو زیادہ ہوجائے گی۔

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ
الْيَوْمَ حَدِيدٌ

# جسمانی دُکھ تکلیف کیلئے

جس شخص کو کوئی جسمانی دُکھ درد یا اور کوئی تکلیف ہو تو وہ اپنا دایاں ہاتھ تکلیف کی جگہ رکھے اور تین مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کہے اور سات مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

أَعُوذُ بِاللهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا
أَجِدُ وَأُحَاذِرُ ط

Presented by www.ziaraat.com

## دشمن اور حسد کرنے والوں کیلئے

یہ قرآن پاک کے الفاظ ہیں ان کی اصلیت اللہ پاک ہی جانتا ہے۔ دشمن اور حسد کرنے والوں سے بچنے کے لیے بہت ہی فائدہ مند ہے۔ جو حاکم ناراض ہوتا ہو تو تین مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے پورے جسم پر ہاتھ پھیرے تو حاکم مہربان ہو جائے گا۔ روزانہ صبح و شام سات مرتبہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ہر آفت وبلا سے محفوظ رکھے گا۔

کٓهٰیٰعٓصٓ کِفَایَتُنَا حٰمٓ عٓسٓقٓ

حِمَایَتُنَا فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ

السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ؕ

## بھیانک بیماری اور آفتوں کیلئے

حدیث شریف میں اس دعا کی بہت ہی بڑی فضیلت آئی ہے اور اچانک آفتوں سے اور بھیانک بیماری سے بچنے کے لیے صبح و شام

Presented by www.ziaraat.com

یہ دُعا تین مرتبہ پڑھنے سے ہر آفت وبلا سے بچا رہے گا۔ بچہ کو اگر نظر ہو جائے تو اس دُعا کو پڑھ کر دم کرنے سے آرام پائے گا۔ اور کھانے پینے کی چیزوں پر دم کرنے سے ہر بیماری سے محفوظ رہے گا

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۝

## اللہ کی رحمت سے مالا مال ہونا

یہ دُعا حدیث شریف میں ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے فرمایا جو شخص اس دُعا کو صبح و شام نماز کے بعد تین تین بار پڑھے گا تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کو اپنی رحمت سے مالا مال کر دیں گے

رَضِیْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا۝

Presented by www.ziaraat.com

# دُعائے حفظ و امان

ہر آفت و بلا سے محفوظ رہنے کے لیے یہ آیت (سورہ انعام)
صبح و شام سات بار پڑھ کر جسم پر مسح کر لیا کریں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ
ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ
یَعْدِلُوْنَ ○

انشاءاللہ تعالیٰ ہر آفت و بلا اور بیماری سے محفوظ رہے گا۔

## درد کے لیے

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ

لکھ کر پانی میں گھول کر پی لیں پیٹ میں یا اور کسی قسم کی درد ہو ختم ہو
جائے گی۔ دو چار روز کریں پانی پیتے وقت منہ شمال کی طرف ہو۔

Presented by www.ziaraat.com

# حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث مبارکہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

اَحَدًا صَمَدًا لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

ان مبارک اور بابرکت کلمات کو دس مرتبہ خلوص دل سے پڑھنے والے کے لیے بشارت ہو کہ بیس لاکھ نیکیاں اس کے اعمال نامہ میں درج کی جاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا کس قدر عظیم انعام اور احسان ہے کہ مومنین پر رحمتوں کی بارش مقدر فرماتے ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com